امر بالمعروف ونھی عن المنکر
اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ★ ABC CERTIFIED ★
روزنامہ
اطلاعِ عام
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر
رجسٹریشن نمبر: C-1932
Email: dailyattelaaamqta@gmail.com / Etlaeaam2010@gmail.com | Tel: 081-2840968, 081-2820055 | Fax: 081-2828245
جلد نمبر: 16
بروز ہفتہ 31 اکتوبر 2026 / 19 جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے
شمارہ نمبر: 205

بلوچستان پولیس میں سیاسی مداخلت برداشت نہیں کی جائے گی

وزیر اعلیٰ بلوچستان

صوبائی حکومت پولیس کو جدید آلات اور معیاری تربیت دے گی، تعیناتیوں کا فیصلہ پولیس قیادت خود کرے گی، میرٹ نوجوانوں کا ریاست پر اعتماد بحال کرے گا

دہشت گردوں کے چھوٹے گروہ پاکستان کو تقسیم نہیں کر سکتے، طاقت کے استعمال کا اختیار صرف ریاست کے پاس ہے، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا شکریہ

اسلام آباد (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت بلوچستان پولیس کو جدید آلات، معیاری تربیت اور میرٹ کی بنیاد پر تعیناتیوں و تبادلوں کا ایسا ماحول فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے جہاں کسی قسم کی سیاسی مداخلت یا دباؤ کی گنجائش نہ ہو، پولیس افسران کی تعیناتیوں اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کی ادائیگی میں میرٹ کو بنیادی اصول بنایا گیا ہے اور یہ فیصلہ خود بلوچستان پولیس کی قیادت نے کرنا ہے کہ کون سا افسر کس ذمہ داری کے لیے موزوں ہے۔ میرٹ کی بالادستی بالخصوص نوجوان نسل کا ریاست پر اعتماد بحال کرنے میں (بقیہ 3 اندرونی صفحہ 3 پر)

پی پی ایل کے دفاتر کی منتقلی کا فیصلہ انتظامی ومالی ضروریات کے تحت کیا جا رہا ہے، طلال چوہدری

اسلام آباد (اے این این) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ (بقیہ 2 اندرونی صفحہ 3 پر)

پاسپورٹ فیس کی مد میں 5 سالوں میں اربوں روپے وصول کیے گئے

پاسپورٹ فیس میں کمی کی کوئی تجویز زیر غور نہیں، وزارت داخلہ کا سینیٹ میں تحریری جواب

اسلام آباد (اے این این) وزارت داخلہ نے ایوان بالا کو بتایا ہے کہ پاسپورٹ فیس میں کمی کی کوئی تجویز زیر غور نہیں، گزشتہ پانچ سال کے دوران پاسپورٹ فیس کی مد میں 219 ارب 93 کروڑ 10 لاکھ روپے وصول کیے گئے۔ جمعہ کو سینیٹ کا اجلاس سینیٹر شہادت اعوان کی زیر صدارت ہوا جس میں تفصیلات سینیٹ میں پیش کی گئیں۔ سینیٹر طلحہ محمود (بقیہ 1 اندرونی صفحہ 3 پر)

اکبر ایس بابر کا پارلیمنٹ میں موجود جماعتوں کی فنڈنگ کی تحقیقات کیلئے عدالتی کمیشن بنانے کا مطالبہ

پی ٹی آئی فارن فنڈنگ کیس کے فیصلے پر مکمل عملدرآمد میں کیا رکاوٹیں حائل ہیں؟، بانی رہنما

اسلام آباد (اے این این) پی ٹی آئی کے بانی رہنما اکبر ایس بابر نے سپریم کورٹ کے جج کی سربراہی میں عدالتی کمیشن کی تشکیل اور پارلیمنٹ میں موجود تمام پاپولر جماعتوں کی فنڈنگ کی تحقیقات کرانے کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا میں حکومت سے مطالبہ کرتا ہوں کہ سپریم کورٹ کے جج کی سربراہی میں عدالتی انکوائری کمیشن قائم کیا جائے جو تحقیقات کرے کہ پی ٹی آئی فارن فنڈنگ کیس کے 2 اگست 2022 کے فیصلے پر مکمل عملدرآمد میں کیا رکاوٹیں حائل ہیں اور ملزمان کے خلاف اب تک کیا قانونی کروائی کی گئی ہے؟۔ عدالتی کمیشن پی ٹی آئی (بقیہ 5 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، سنگاپور کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ویوان بالاکرشنن فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر سے ملاقات کر رہے ہیں

خاران میں سکیورٹی فورسز نے ڈرون حملے کی کوشش ناکام بنا دی، پانچ ڈرون تباہ

فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں نے خاران کے علاقے البط میں قائم چیک پوسٹ کو ڈرونز کے ذریعے نشانہ بنانے کی کوشش کی

البط چیک پوسٹ کو نشانہ بنانے کی کوشش ناکام، کوئی جانی یا مالی نقصان نہیں ہوا فتنہ الہندوستان کا ڈرون حملہ ناکام، فورسز کا بروقت اور موثر ردعمل

خاران (یو این اے) بلوچستان کے ضلع خاران میں سکیورٹی فورسز نے فتنہ الہندوستان کی جانب سے ڈرون حملے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے پانچوں ڈرونز کو ہدف تک پہنچنے سے پہلے تباہ کر دیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق واقعے میں کوئی جانی یا مالی نقصان نہیں ہوا۔ سکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں نے خاران کے علاقے البط میں قائم چیک پوسٹ کو ڈرونز کے ذریعے نشانہ بنانے کی کوشش کی، تاہم سکیورٹی فورسز نے فوری کارروائی کرتے ہوئے حملے کو ناکام بنا دیا۔ ذرائع کے مطابق بروقت اور موثر ردعمل کے نتیجے (بقیہ 4 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے سنگاپور کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ویوان بالاکرشنن ملاقات کر رہے ہیں

سنگاپور کے ساتھ شراکت داری کو اہمیت دیتے ہیں

وزیر اعظم

پاکستان سنگاپور کے ساتھ دوطرفہ اور آسیان پلیٹ فارم پر شراکت داری کو اہمیت دیتا ہے، وزیر اعظم شہباز شریف کا سنگاپور کے ساتھ دوستانہ تعلقات مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ

سنگاپور کے ساتھ دیرینہ اور دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ، وزیر اعظم شہباز شریف کا پاکستان اور سنگاپور کے درمیان اقتصادی تعاون اور عوامی روابط کے فروغ پر زور

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے سنگاپور کے ساتھ دیرینہ اور دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان سنگاپور کے ساتھ شراکت داری کو دوطرفہ اور آسیان کے پلیٹ فارم کے ذریعے، کثیر الجہتی سطحوں پر اہمیت دیتا ہے۔ جمعہ کو وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے سنگاپور کے وزیر برائے امور خارجہ ڈاکٹر ویوین بالاکرشنن نے ملاقات کی۔ وزیر اعظم نے سنگاپور کے ساتھ دیرینہ اور دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ اس سال دونوں ممالک سفارتی تعلقات کے قیام کی 60 ویں سالگرہ منا رہے ہیں۔ وزیر اعظم نے سنگاپور کی (بقیہ 6 اندرونی صفحہ 3 پر)

انگور اڈہ میں پاک فوج کی جوابی کارروائی، طالبان کی کئی چوکیاں تباہ، متعدد ہلاک

اسلام آباد (اے این این) پاک فوج نے انگور اڈہ میں افغان طالبان کی بلا اشتعال فائرنگ کا بھرپور جواب دیا ہے جس کی ویڈیو بھی جاری (بقیہ 7 اندرونی صفحہ 3 پر)

وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک سے سعودی سفیر کی ملاقات

کان کنی، پٹرولیم اور توانائی کے شعبوں میں تعاون اور دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک سے سعودی عرب کے نو تعینات سفیر ڈاکٹر راجح بن طامی الحمی نے ملاقات کی جس میں کان کنی، پٹرولیم اور توانائی کے شعبوں بشمول سٹریٹجک آئل سٹوریج، ریفائنری اپ گریڈیشن، ایل پی جی (بقیہ 8 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نیشنل پولیس اکیڈمی میں تربیت مکمل کرنے والے ڈی ایس پیز سے خطاب کر رہے ہیں، کمانڈنٹ سعد اختر وان بھی موجود ہیں

پاکستان اور سنگاپور کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق

پاکستان نے سب سے پہلے سنگاپور کو تسلیم کیا، دونوں ممالک کے تعلقات کی 60 ویں سالگرہ منا رہے ہیں سنگاپور میں پاکستانی ہائی کمیشن میں ٹریڈ اینڈ انویسٹمنٹ کا دفتر دوبارہ کھولا گیا ہے' مشترکہ پریس کانفرنس

پاکستان ایک خوبصورت ملک ہے، وزیر اعظم شہباز شریف نے دورہ سنگاپور کی دعوت قبول کر لی، مشرق وسطیٰ کشیدگی میں پاکستان قابل تعریف کردار ادا کر رہا ہے' سنگاپور کے وزیر خارجہ ویوین بالاکرشنن

اسلام آباد (جی این ایم) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ سنگاپور کے وزیر خارجہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے، مسلسل دو طرفہ سیاسی مشاورت پر اتفاق ہوا ہے۔ جمعہ کے روز سنگاپور کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ویوین بالاکرشنن نے اسحاق ڈار کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان مشرق وسطیٰ کی کشیدگی میں قابل تعریف کردار ادا کر رہا ہے، میں اس کردار پر پاکستان کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ سنگاپور کے وزیر خارجہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے، مسلسل دو (بقیہ 9 اندرونی صفحہ 3 پر)


JOINT PRESS STAKEOUT
DEPUTY PRIME MINISTER/FOREIGN MINISTER OF PAKISTAN,
H.E. SENATOR MOHAMMAD ISHAQ DAR & MINISTER FOR FOREIGN AFFAIRS
SINGAPORE, H.E. DR. VIVIAN BALAKRISHNAN
30 October 2026
Islamabad
اسلام آباد: نائب وزیر اعظم سینیٹر اسحاق ڈار اور سنگاپور کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ویوان بالاکرشنن کا مشترکہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کوئٹہ، 2 نومبر سے انسداد پولیو مہم شروع ہو گی، 4 لاکھ 29 ہزار بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف

مہم کے لیے 1600 ٹیمیں تشکیل، 1800 سکیورٹی اہلکار تعینات ہوں گے، ڈپٹی کمشنر مہر اللہ بادینی

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت 2 نومبر سے شروع ہونے والی انسدادِ پولیو مہم کے انتظامات اور تیاریوں کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (ڈی ایچ او)، نیشنل ای او سی، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں پولیو مہم کے مجموعی اہداف، سکیورٹی انتظامات، مائیکرو پلان، ٹیموں کی تعیناتی اور مہم کی مؤثر نگرانی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی (بقیہ 13 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ سے شارجہ جانے والی ایئر عربیہ کی پرواز بڑے حادثے سے بال بال بچ گئی

ٹیک آف کے دوران دونوں انجن بند، جہاز رن وے کے آخری سرے پر رک گیا

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سے شارجہ جانے والی ایئر عربیہ کی پرواز ٹیک آف کے دوران مبینہ طور پر دونوں انجنوں میں اچانک فنی خرابی پیدا ہونے کے باعث بڑے حادثے سے بال بال بچ گئی، جہاز تیزی سے رن وے پر دوڑنے کے بعد اڑنے کے بجائے جھٹکے کھاتے ہوئے رن وے کے آخری حصے میں رک گیا۔ واقعے کے بعد پرواز منسوخ کر کے تمام مسافروں کو آف لوڈ کر دیا گیا، جبکہ انتظامیہ کی جانب سے (بقیہ 12 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، کم عمر لڑکوں کے بلیک میلنگ اور جنسی استحصال میں ملوث 3 ملزمان گرفتار

تھانہ بروری کی کارروائی، سوشل میڈیا کے ذریعے ورغلا کر ویڈیوز بنانے والے گروہ کا سراغ لگا کر مقدمہ درج

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے کم عمر لڑکوں کو مبینہ طور پر بلیک میل اور جنسی استحصال کا نشانہ بنانے والے 3 رکنی گروہ کو گرفتار کر لیا ہے۔ ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت، ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ ضیا مندوخیل، ایس پی صدر شفقت جنجوعہ اور ڈی ایس پی صدر سرکل شوکت جدون کی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ بروری نصیب اللہ ناصر نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے تینوں ملزمان کو (بقیہ 11 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، گائی خان چوک پر نامعلوم افراد کی فائرنگ، دو بھائی جاں بحق

مسلح ملزمان فائرنگ کے بعد فرار، پولیس کی لاشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا، تحقیقات کا آغاز

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے گائی خان چوک پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق جبکہ ان کا بھائی شدید زخمی ہو گیا جسے ہسپتال منتقل کر دیا گیا تاہم وہ جانبر نہ ہو سکے۔ پولیس ذرائع کے مطابق فائرنگ کا یہ افسوسناک واقعہ گائی خان چوک کے قریب پیش آیا جہاں نامعلوم مسلح افراد نے دو بھائیوں کو نشانہ بنایا اور اندھا دھند فائرنگ کر دی۔ فائرنگ کے نتیجے میں ایک بھائی موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا جبکہ دوسرا (بقیہ 10 اندرونی صفحہ 3 پر)

پاک بھارت جنگ مصنوعی تھی، سینیٹر ایمل ولی کا دعویٰ

ہم نے تو کچھ نہیں دیکھا، یہ تو ٹرمپ ہے جو کبھی چھ، سات اور آٹھ جہاز کر دیتے ہیں، پاکستان پر مہربان ہیں اور ہندوستان کے لئے دل پر بوجھ ہیں

اس کو میں جنگ نہیں مانتا، جنگ تو ایران اور امریکہ کی ہے، ایران تباہ ہو گیا، عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر کی گفتگو

پشاور (اے این این) عوامی نیشنل پارٹی (اے این پی) کے مرکزی صدر ایمل ولی خان نے پاکستان اور بھارت کے درمیان ہونے والی فوجی کشیدگی کو مصنوعی جنگ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ کوئی باقاعدہ جنگ نہیں تھی بلکہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے پاکستان پر غیر معمولی مہربانی کا معاملہ تھا۔ ایک ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے ایمل ولی خان نے کہا کہ ہم نے تو کوئی ایسی (بقیہ 14 اندرونی صفحہ 3 پر)

ملک خصوصاً بلوچستان کے عوام سنگین مسائل سے دوچار ہیں، مولانا واسع

اقتدار کی مجبوریوں میں مخالفین پر الزامات لگانے سے نہ عوامی مسائل حل ہوں گے اور نہ ہی حکمرانوں کی ساکھ بحال ہو سکے گی

سیاست میں عزت کا راستہ سچائی اور عوامی خدمت سے گزرتا ہے، الزام تراشی سے نااہلی پر پردہ نہیں ڈالا جا سکتا، آغا محمود شاہ

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے گزشتہ روز اپنی رہائش گاہ پر علما کرام، قبائلی عمائدین اور مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کے سنجیدہ، مدلل اور قومی مفاد پر مبنی سیاسی مقف پر غور کرنے اور ان کی تجاویز کا حقیقت پسندانہ جواب دینے کے بجائے بعض مسخرہ صفت اور عوامی تائید سے محروم وزرا کی جانب سے کردار (بقیہ 16 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا ینگ لائرز فورم کے وکلاء کے ساتھ گروپ فوٹو

کمشنر پشین کا برشور کا دورہ، ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ

برشور کو ترقی یافتہ ضلع بنانے کے عزم کا اعادہ، ہسپتالوں، اسکولوں اور جاری ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ

برشور (خ ن) کمشنر پشین ڈویژن قائم خان لاشاری نے نوٹیفائیڈ ضلع برشور کا ایک اہم اور تفصیلی دورہ کیا، ضلع آمد پر ڈپٹی کمشنر برشور فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس نے ان کا شاندار استقبال کیا، اس موقع پر صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے اربن پلاننگ و چیئرمین کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی (کیو ڈی اے) اسفند یار خان کاکڑ بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر برشور نے ڈویژنل کمشنر قائم خان لاشاری اور صوبائی پارلیمانی سیکرٹری اسفند یار خان کاکڑ کو ضلع برشور میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں، انتظامی امور اور ضلعی انتظامیہ کی مجموعی کارکردگی پر تفصیلی بریفنگ دی، دورے کے دوران معزز مہمانوں نے ڈپٹی کمشنر کے عارضی کمپلیکس میں کیے گئے انتظامی اقدامات اور مختلف دفاتر کا تفصیلی معائنہ کیا اور انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا، بعد ازاں، انہوں نے ڈی سی کمپلیکس کے میٹنگ ہال میں تمام لائن ڈیپارٹمنٹس کے آفسران کے ساتھ ایک اہم تعارفی اجلاس میں شرکت کی، جہاں تمام محکموں کے سربراہان نے اپنے (بقیہ 21 اندرونی صفحہ 3 پر)

ملک بھر میں بی آئی ایس پی سے ساڑھے 22 لاکھ خواتین خارج

کوئٹہ (یو این اے) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے تحت ملک بھر میں مالی معاونت حاصل کرنے والی لاکھوں خواتین کو پروگرام سے خارج کر دیا گیا ہے، جس کے نتیجے میں مجموعی طور پر ساڑھے 22 لاکھ سے زائد خواتین کی امدادی رقوم بند ہونے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔ ان خواتین میں کوئٹہ سے تعلق رکھنے والی 42 ہزار 231 خواتین بھی شامل ہیں، جنہیں پروگرام سے نکالے جانے کے بعد مالی معاونت سے محروم ہونا پڑے گا۔ ذرائع کے مطابق بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت مستحق خاندانوں کی فہرستوں کو دوبارہ جانچنے اور گھرانوں کی (بقیہ 20 اندرونی صفحہ 3 پر)

محسن نقوی شی میل کی طرح چلتے ہیں، لیڈر کے بارے میں بولنے والے کو جواب تو ملے گا، کامران مرتضیٰ

میرے لیڈر کے بارے کوئی اگر الفاظ بولے گا تو اس کو جواب تو ملے گا، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (اے این این) جمعیت علمائے اسلام کے سینئر رہنما سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا ہے کہ وزیر داخلہ محسن نقوی بارے میں نے شی میل کا لفظ استعمال نہیں کیا، میں نے وزیر داخلہ محسن نقوی کے بارے میں کہا جب وہ چلتا ہے تو شی میل کی طرح (بقیہ 15 اندرونی صفحہ 3 پر)

پاکستان کے ساتھ ترقیاتی تجربات بانٹنا اولین ترجیح ہے، چینی سفیر

چین کی غربت کے خاتمے میں کامیابی ہدفی اقدامات کا نتیجہ ہے، جیانگ زیڈونگ

اسلام آباد (یو این اے) پاکستان میں چین کے سفیر جیانگ زیڈونگ نے کہا ہے کہ چین نے عوام کو مرکزِ نگاہ بنا کر غربت کے خاتمے میں تاریخی کامیابی حاصل کی ہے، جس کی بنیاد کمیونسٹ پارٹی آف چائنا (سی پی سی) کا عوام کی خدمت اور (بقیہ 19 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ میں انسداد پولیو مہم کا افتتاح، والدین سے بھرپور تعاون کی اپیل

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے بچی کو حفاظتی قطرے پلا کر 2 نومبر سے شروع ہونے والی انسدادِ پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے والدین، علماء کرام، قبائلی عمائدین، اساتذہ، سماجی رہنماؤں اور معاشرے کے تمام طبقات سے اپیل کی کہ وہ پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور مہم کو کامیاب بنانے میں ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کے ساتھ تعاون کریں۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی اس بات پر زور دیا کہ پولیو ایک خطرناک اور معذوری کا باعث بننے والی بیماری ہے، جس سے (بقیہ 8 اندرونی صفحہ 3 پر)

قلات میں خواتین کے مسائل کے حل کے لیے ڈپٹی کمشنر کے انقلابی اقدامات

خالق آباد کی خواتین کے لیے کھلی کچہری، ڈپٹی کمشنر عائشہ زہری کی درخواستوں پر فوری کارروائی

قلات (خ ن) انجینئر عائشہ زہری کی بطور ڈپٹی کمشنر تعیناتی کے بعد عوامی مسائل کے حل کے لیے انقلابی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ خواتین سائلین اب بلا خوف و خطر انتظامی افسران کے دفاتر کا رخ کر رہی ہیں، جہاں ڈپٹی کمشنر ان کی درخواستوں پر فوری ایکشن لیتے ہوئے احکامات جاری کر رہی ہیں۔ گزشتہ دنوں خالق آباد کی خواتین کے لیے منعقدہ کھلی کچہری وزیر اعلیٰ بلوچستان کی وژنری قیادت اور چیف سیکرٹری بلوچستان کی گڈ گورننس کا آئینہ دار ہے۔ انتظامیہ کی اس مخلصانہ کوشش پر عوام الناس حکومت سے انتہائی مطمئن ہیں اور اظہارِ تشکر کر رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر قلات کا کہنا ہیکہ انتظامی و سرکاری محکموں کے افسران عوام الناس کو سروسز ڈیلیوری یقینی بنائیں تاکہ انتظامیہ عوامی مسائل حل کی جانب بہتر اقدامات جاری رکھ سکیں۔ انجینئر عائشہ زہری کی بطور ڈپٹی کمشنر تعیناتی کے بعد عوامی مسائل کے حل کے لیے انقلابی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ خواتین سائلین اب بلا خوف و خطر انتظامی افسران کے دفاتر کا رخ کر (بقیہ 17 اندرونی صفحہ 3 پر)

رکھنی ماڈل بازار کی تعمیراتی کاموں میں تیزی لانے کی ہدایت

ڈپٹی کمشنر بارکھان کا ترقیاتی منصوبے کا معائنہ، معیار پر سمجھوتہ نہ کرنے کا حکم

بارکھان/رکھنی (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن ''خوشحال بلوچستان'' اور حکومتِ بلوچستان کی عوام دوست پالیسیوں کے تحت ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمن کاکڑ نے رکھنی ماڈل بازار کا دورہ کیا اور وہاں جاری ترقیاتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر رکھنی، پروجیکٹ ڈائریکٹر رازق مندوخیل، ایکسین محکمہ مواصلات و تعمیرات محمد فضل، تحصیلدار، پٹواری اور محکمہ مال کے دیگر اہلکار بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دورے کے دوران پروجیکٹ ڈائریکٹر رازق مندوخیل نے ڈپٹی کمشنر کو ماڈل بازار اور سڑک کی تعمیر و ترقی کے حوالے سے جاری کاموں، منصوبے کی پیش رفت، درپیش مشکلات اور عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے موقع پر مختلف حصوں کا معائنہ کرتے ہوئے تعمیراتی کام کے معیار اور رفتار کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سعید الرحمن کاکڑ (بقیہ 22 اندرونی صفحہ 3 پر)

جعفر آباد میں خریف فصلوں کی گرداوری شفاف بنانے کی ہدایت

ڈپٹی کمشنر خالد خان کا مختلف علاقوں کا دورہ، سرکاری واجبات کی وصولی یقینی بنانے پر زور

جعفر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان نے کہا ہے کہ خریف سیزن کی گرداوری کا عمل نہایت اہمیت کا حامل ہے، اس لیے متعلقہ افسران اس عمل کو شفاف، مؤثر اور مقررہ قواعد و ضوابط کے مطابق مکمل کریں اور سرکاری واجبات کی وصولی ہر صورت یقینی بنائی جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے خریف سیزن کی گرداوری کے سلسلے میں ضلع جعفر آباد کے مختلف علاقوں کے دورے کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر تحصیلدار سلطان احمد کھوسہ، بابو رفیق احمد ابڑو سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے مختلف علاقوں میں کھیتوں کا معائنہ کیا اور تیار ہونے والی خریف سیزن کی فصلات کا جائزہ لیا۔ متعلقہ افسران نے انہیں ضلع بھر میں کاشت کی جانے والی فصلات، ان کی موجودہ صورتحال، پیداوار اور گرداوری کے عمل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اور بتایا کہ مختلف علاقوں میں فصلات کی تیاری (بقیہ 25 اندرونی صفحہ 3 پر)

ڈی ایچ کیو ہسپتال بارکھان کا اچانک دورہ، طبی سہولیات کا جائزہ

ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ ڈاکٹر مہر دین کھیتران کی ادویات، ویکسین فریج اور ڈائیلاسز وارڈ کا معائنہ

بارکھان (خ ن) ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز کوہِ سلیمان ڈویژن کا ڈی ایچ کیو ہسپتال بارکھان کا اچانک دورہ، طبی سہولیات اور انتظامی امور کا جائزہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت عوام کو ان کی دہلیز پر معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے سلسلے میں ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز کوہِ سلیمان ڈویژن ڈاکٹر مہر دین کھیتران نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر (ڈی ایچ کیو) ہسپتال بارکھان کا اچانک دورہ کیا اور ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر ماجد خان بھی ان کے ہمراہ تھے۔ انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کرتے ہوئے طبی سہولیات اور انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران انہوں نے مریضوں سے ملاقات کی اور انہیں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے طبی عملے سے بھی ملاقات کی اور ہسپتال کی مجموعی کارکردگی، علاج معالجے کی سہولیات اور سروسز کی بہتری سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا۔ ڈاکٹر مہر دین کھیتران نے ویکسین فریج، (بقیہ 23 اندرونی صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی نے خیبر پختونخوا میں امن و امان کیلئے کچھ نہیں کیا: امیر مقام

خیبر پختونخوا میں صحت اور تعلیم سمیت کسی شعبے میں عملی کام نظر نہیں آ رہا، گزشتہ حکومت نے خود بھی کرپشن کی اور دوسروں کو بھی دعوت دی

پاک فوج کے جوان ہر محاذ پر اپنا کردار ادا کر رہے ہیں، دنیا میں لگی آگ بجھانے میں بھی پاک فوج کردار ادا کر رہی ہے، وفاقی وزیر

پشاور (اے این این) وفاقی وزیر امیر مقام نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کے 13 سال جھوٹ پر مبنی تھے، گزشتہ 13 سال صوبے کے لیے انتہائی تاریک دور تھے، سابق حکومت نے امن و امان کے قیام کے لیے کچھ نہیں کیا۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر امیر مقام کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا میں صحت اور تعلیم سمیت کسی شعبے میں عملی کام نظر نہیں آ رہا، گزشتہ حکومت نے خود بھی کرپشن کی اور دوسروں کو بھی دعوت دی، عوام کے پیسوں اور ان کا حساب کتاب کرنا ہوگا، نئے نئے سکینڈلز سامنے آ رہے ہیں، لوٹ کھسوٹ کرنے والوں کو عدالتوں سے بھی ریلیف نہیں ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کو گوار یا بنتا جا رہا ہے، صوبے کے عوام نے ہر مشکل وقت میں پاکستان کا ساتھ دیا، پی ٹی آئی کو ووٹ دینے والے بھی محبِ وطن پاکستانی ہیں لیکن ایک مخصوص ٹولہ محبِ وطن عوام کو گمراہ کر رہا تھا، پی ٹی آئی حکومت نفرتیں بڑھانے پر کام کر رہی تھی۔ امیر مقام کا کہنا تھا کہ پاک فوج کے جوان ہر محاذ پر اپنا کردار ادا کر رہے ہیں، دنیا میں لگی آگ (بقیہ 24 اندرونی صفحہ 3 پر)

سیوی میں انسداد پولیو مہم کے لیے 225 موبائل ٹیمیں تشکیل

ڈپٹی کمشنر الیاس کبزئی کی مہم میں سو فیصد کوریج یقینی بنانے کی ہدایت

سیوی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی کی زیر صدارت انسدادِ پولیو مہم کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں محکمہ صحت، عالمی ادارہ صحت (WHO)، آئی ایس ڈی (ISD)، آغا خان یونیورسٹی (AKU) سمیت دیگر متعلقہ اداروں کے افسران اور نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں محکمہ صحت کے حکام کی جانب سے آنے والی انسدادِ پولیو مہم کے انتظامات، ٹیموں کی تشکیل، مقررہ اہداف اور مہم کے دوران کیے جانے والے اقدامات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بتایا گیا کہ ضلع سیوی میں مہم کے دوران مجموعی طور پر 43 ہزار 192 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جس کے لیے 225 موبائل ٹیمیں، 46 فکسڈ سائٹس اور 22 ٹرانزٹ ٹیمیں خدمات انجام دیں گی۔ ڈپٹی کمشنر میجر (ر) الیاس کبزئی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انسدادِ پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لیے (بقیہ 26 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی مڈ کیریر مینجمنٹ کورس کے شرکاء، پولیس سروس آف پاکستان اور نیشنل اکاؤنٹیبلیٹی بیورو کے افسران میں سرٹیفکیٹس تقسیم کر رہے ہیں

امربالمعروف و نہی عن المنکر ـــ اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
روزنامہ
Daily ETLA-E-AAM Quetta
اطلاع عام
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: محمد عمر
E-mail Etlaeaam2010@gmail.com
چیف ایڈیٹر محمد عمر نے
الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر
نیوز افغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبرز 081-2820055 , 081-2453865
فیکس نمبر: 081-2828245
Email:Etlaeaam2010@gmail.com

امریکہ کا ریسکیو مشن

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران میں تباہ ہونے والے لڑاکا طیارے کے عملے کے دوسرے رُکن کی بحفاظت واپسی کے بعد ’’فتح‘‘ کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ایران کی زمین پر ڈرامائی اور کامیاب ریسکیو نے ایک بار پھر ثابت کر دیا ہے کہ امریکہ نے واضح فضائی برتری حاصل کر لی ہے۔ امریکی صدر نے ایف 15 لڑاکا طیارے کے ریسکیو آپریشن کی خفیہ معلومات میڈیا میں لیک ہونے پر بھی سخت ردِعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت خبر لیک کرنے والے شخص کو تلاش کرے گی اور متعلقہ میڈیا ادارے سے ذرائع کی شناخت مانگی جائے گی۔ وائٹ ہاؤس میں میڈیا بریفنگ کے دوران ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ خبر شائع ہونے سے پہلے ایران کو معلوم نہیں تھا کہ ایک امریکی فضائی اہلکار لاپتہ ہے لیکن معلومات لیک ہونے کے بعد صورتِ حال پیچیدہ ہوگئی، اِس انکشاف نے ریسکیو آپریشن کو مزید خطرناک بنا دیا، قومی سلامتی کے پیشِ نظر خبر کا ذریعہ ظاہر کرنا پڑے گا بصورتِ دیگر قانونی کارروائی اور جیل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے کیونکہ خبر سامنے آنے کے بعد ایران نے لاپتہ پائلٹ کی گرفتاری پر بڑے انعام کا اعلان بھی کیا تھا جس سے امدادی کارروائی مزید مشکل ہوگئی۔ مشہور امریکی جریدے ’’نیوز ویک‘‘ کے مطابق اسرائیلی صحافی امیت سگال نے لاپتہ امریکی فضائیہ کے اہلکار کی خبر سب سے پہلے دی تھی اور اُن کا کہنا تھا کہ وہ اپنے ’’ذرائع‘‘ کی حفاظت کریں گے۔ واضح رہے کہ امریکی ایف۔15۔ای (سٹرائیک ایگل) طیارہ گزشتہ جمعے (3 اپریل) کو جنوب مغربی ایران میں مار گرایا گیا تھا جس کے بعد طیارے میں سوار عملے کے دو افراد نے پیرا شوٹ کے ذریعے چھلانگ لگا دی تھی۔ ایک پائلٹ کو فوری طور پر بچا لیا گیا تھا جبکہ دوسرے اہلکار کی تلاش کئی گھنٹے جاری رہی تھی۔ امریکی اخبار ’’نیویارک ٹائمز‘‘ کے مطابق نیوی سیل ٹیم کے چھ کمانڈوز نے خفیہ کارروائی کرتے ہوئے اہلکار کو بازیاب کرایا، آپریشن کے دوران امریکی فضائیہ نے ایرانی عوام کو دور رکھنے کے لئے فضائی حملے بھی کیے۔ بی بی سی اردو کی رپورٹ کے مطابق امریکہ کا بازیابی کا یہ مشن اگرچہ کامیاب تھا تاہم گزشتہ چند دِنوں کے واقعات میں دو طیاروں کی تباہی اور کم از کم ایک ہیلی کاپٹر پر فائرنگ سے امریکی جہازوں اور فوجیوں کو درپیش خطرات واضح ہوتے ہیں باوجود اِس کے کہ کئی ہفتوں سے امریکی اور اسرائیلی حملوں میں ایرانی عسکری تنصیبات کو مسلسل نشانہ بنایا جا رہا ہے اور ٹرمپ یہ دعویٰ بھی کرتے رہے ہیں کہ تہران کے پاس اینٹی ایئر کرافٹ یعنی فضاء میں نشانہ بنانے کی صلاحیت ختم ہو چکی ہے۔ بی بی سی سے بات کرتے ہوئے واشنگٹن کے معتبر ذرائع نے کہا کہ بازیابی کی پیچیدہ کارروائی اور اِس کے دوران طیاروں کی تباہی ٹرمپ کو خارگ جزیرے پر قبضے یا ایرانی یورینیم حاصل کرنے کے لئے کسی قسم کی زمینی کارروائی سے روک سکتے ہیں کیونکہ عسکری منصوبہ سازوں کی طرف سے صدر کو تجویز کی گئی کوئی بھی ممکنہ کارروائی بہت پیچیدہ اور خطرات سے بھرپور ہے، خطرات میں ایران کے وہ فضائی دفاعی نظام بھی شامل ہیں جنہیں ’مین پیڈز‘ کہا جاتا ہے اور یہ نچلی سطح پر اُڑنے والے طیاروں کے خلاف استعمال کیے جاتے ہیں، اِنہیں تباہ کرنا مشکل ہے کیونکہ یہ موبائل ہوتے ہیں اور اِنہیں آسانی سے کندھے پر لاد کر فائر کیا جا سکتا ہے۔ امریکی تجزیہ نگاروں میں سے بیشتر کی رائے اپنی جگہ لیکن بعض کے نزدیک یہ بھی حقیقت ہے کہ امریکی فوجی نہ صرف جنگی ماحول میں اُتر کر ایک ہنگامی فضائی پٹی قائم کرنے میں کامیاب ہوئے بلکہ ایرانیوں کی موجودگی میں طیاروں میں ایندھن بھرنے میں بھی کامیاب رہے۔

پنجاب پولیس، اک گورکھ دھندہ

نسیم شاہد

خبریں گردش کر رہی ہیں کہ وزیراعلیٰ مریم نواز نے ایک میٹنگ میں پولیس کے متعدد اعلیٰ افسروں کی کارکردگی پر عدم اطمینان کا اظہار کیا ہے اور آئی جی پنجاب کو ایک ماہ کے اندر صورتحال بہتر بنانے کا ٹاسک دیا ہے، ساتھ ہی یہ اختیار بھی سونپ دیا ہے کہ جو پولس افسر کارکردگی بہتر نہیں بناتے اُن کے بارے میں فیصلہ کرنے کا اختیار رہے۔ ان افسروں میں اضلاع کے ڈی پی اوز اور کئی ڈویژنوں کے آر پی اوز بھی شامل ہیں۔ کچھ عرصہ پہلے جب وزیراعلیٰ نے اپنے ایک خطاب میں یہ دعویٰ کیا تھا کہ پنجاب میں جرائم کم ہو گئے ہیں، تو اس پر سوالات اٹھتے تھے، کیونکہ جرائم تو کم ہوتے ہی نہیں، غالباً اسی وجہ سے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے ایک اپنے ذرائع سے معلومات اکٹھی کیں، جن میں یہ بات سامنے آئی کہ اکثر اضلاع میں امن و امان کی صورتحال بہت خراب ہے اور پولیس افسروں کی کارکردگی نہ صرف ناقص ہے بلکہ اُن کی سرگرمیاں بھی جرائم کو فروغ دینے کا باعث بن رہی ہیں۔ ویسے یہ بھی ایک بہت بڑا ڈھکوسلا ہے کہ جرائم کی تعداد کم دکھائی جائے، جرائم کا اندازہ درج ہونے والی ایف آئی آر سے ہوتا ہے۔ یہی کاریگر ایس ایچ اوز اور پھر ضلع کے ڈی پی اوز تک یہ تکنیک استعمال کرتے ہیں کہ ایف آئی آر ہی میں درج نہیں ہونے دیتے۔ آپ ذرا سوچیں جب ضلع کے ڈی پی او کو بھی یہ فکر ہو کہ جرائم کی شرح زیادہ نظر نہیں آنی چاہئے تو وہ کیسے اس بات پر عمل کرائے گا کہ ایف آئی آر بلا توقف وسفارش درج ہونی چاہئے۔ وہ تو ایس ایچ اوز کی خود منتیں کرے گا اللہ کے بندو ایف آئی آر مجھ سے پوچھ کے درج کرنا اور گراف اوپر نہ جانے دینا۔ آپ اگر ایف آئی آر کے فارم پر نظر ڈالیں تو اس میں ایک جگہ لکھا ہوتا ہے کیا ایف آئی آر بروقت درج کی گئی تو آگے جواب لکھا جاتا ہے، ’’بلا توقف‘‘ حالانکہ اس بلا توقف تک پہنچنے کے لئے مسائل کو نجانے کتنے مرحلوں سے گذرنا پڑتا ہے۔ سب سے مشکل کام ڈکیتی کا پرچہ درج کرانا ہے، اسے چونکہ سنگین جرم سمجھا جاتا ہے، اس لئے پولیس والے لیت و لعل سے کام لیتے ہیں، چوری یا گمشدگی کا پرچہ درج کرانے کی راہ دکھاتے ہیں۔ ایف آئی آر کا مطلب ہے جرم کی پہلی اطلاع، فرسٹ انفارمیشن رپورٹ، مگر پولیس اسے کیوں درج نہیں کرتی؟ اس میں پہلی رکاوٹ یہی ہوتی ہے کہ تھانے یا ضلع کا کرائم ریٹ نہ بڑھ جائے۔ پھر یہ بھی ایک وجہ ہوتی ہے کہ ایف آئی آر کے بعد کارروائی کا مرحلہ شروع کرنا ضروری ہو جاتا ہے۔ آج کل دعوے تو یہ کئے جاتے ہیں کہ 15 پر کال کے بعد پولیس دو سے پانچ منٹ میں جائے وقوعہ پر پہنچ جاتی ہے مگر حقیقت اس کے بہت برعکس ہے، اکثر اوقات گھنٹہ تو دو گھنٹہ لیٹ بھی آ جائے تو غنیمت سمجھا جاتا ہے، ابھی تو شکر ہے 15 پر کال فوراً اُٹھا لی جاتی ہے، کم از کم متاثرہ آدمی کو تسلی ہو جاتی ہے، میں نے پولیس کو کال کر دی ہے۔ جرائم کو کم دکھانے کی یہ تکنیک درحقیقت ایک ایسا دھوکہ ہے جو مجرموں کو سب سے زیادہ فائدہ پہنچاتا ہے۔

امن و امان اور جرائم کی کمی تو ایک پہلو ہے دیگر پہلو بھی عوام کے لئے شدید پریشانی کا باعث بنتے ہیں۔ انصاف کی فراہمی بھی پولیس کی ذمہ داری ہے بلکہ ایک زمانے میں تو یہ کہا جاتا تھا پولیس نظام انصاف کی پہلی سیڑھی ہے، اس پہلی سیڑھی تک پہنچنے کے لئے عوام کو کتنے پاپڑ بیلنے پڑتے ہیں، کتنی مشکلات سے گزرنا پڑتا ہے، اس کا اندازہ پولیس افسروں کی کھلی کچہریوں سے لگایا جا سکتا ہے، جن میں لوگ یہی شکایت لیکر پہنچتے ہیں کہ فلاں تھانیدار یا فلاں ایس ایچ او انہیں انصاف نہیں دے رہا اور رشوت لے کر دوسرے فریق کی حمایت کر رہا ہے۔ ہزاروں لوگ پولیس تفتیش سے متاثر ہوتے ہیں اور اُن کی زندگی اجیرن ہو جاتی ہے۔ کبھی کسی ڈی پی او، سی پی او سے حکومت نے یہ سوال نہیں کیا، اُن کے تھانوں، انویسٹی گیشن برانچ میں کتنے مقدمات یا لوگوں کی درخواستیں تفتیش کے لئے پڑی ہیں۔ بس سوال یہ کیا جاتا ہے آپ کے ضلع یا ڈویژن میں جرائم کا گراف کیوں بڑھ گیا ہے حالانکہ سوال یہ ہونا چاہئے آپ نے ایک ماہ میں کتنے لوگوں کو انصاف فراہم کیا، کتنے لوگوں کے مقدمات عدالتوں میں بھجوائے اور کتنے مقدمات میں ملزموں کو سزائیں دلوائیں۔ اس پہلو پر جوابدہی کا عمل شروع کیا جائے تو اندازہ ہوگا کہ افسروں کی اس طرف توجہ ہی نہیں، حالانکہ سب سے زیادہ زیادتی اور رشوت کی شکایات اسی شعبے میں ہیں۔ یہ بڑی اچھی بات ہے کہ وزیراعلیٰ مریم نواز، پولیس کے اعداد و شمار اور سپیشل برانچ کی رپورٹوں پر انحصار نہیں کر رہیں۔ وہ اطلاعات کے دیگر ذرائع استعمال کر کے اضلاع اور ڈویژنوں میں تعینات افسروں کی کارکردگی جانچ رہی ہیں شاید اس طریقے سے کچھ بہتری آ جائے، وگرنہ تو محکمہ پولیس اتنا بڑا گورکھ دھندہ ہے کہ اسے راہِ راست پر لانا اونٹ کو بکری بنانے کے مترادف ہے۔

ایک زمانہ تھا ضلع میں صرف ایک ایس ایس پی ہوتا تھا، جسے اب پولیس آرڈر کے ذریعے کہیں ڈی پی او اور کہیں سی پی او کہا جاتا ہے۔ اُس کے نیچے ایک ایڈیشنل ایس پی ہوتا تھا۔ باقی اے ایس پی اور ڈی ایس پی کام کرتے تھے۔ انویسٹی گیشن کے شعبے کا ایس پی با اختیار تھا اور اُس کے ساتھ ایس پی یا ڈی ایس پی لیگل معاون ہوتے ہیں۔ پولیس تفتیش بھی ٹھیک ہوتی تھی اور ضلع میں کرائم ریٹ بھی بہت زیادہ نہیں ہوتا تھا۔ اب یہ معاملہ بہت پھیل چکا ہے لیکن کارکردگی گھٹ گئی ہے۔ مرکزیت ختم ہو کر رہ گئی ہے اور اکثر سائلوں کو ایک دفتر سے دوسرے دفتر فٹ بال بنا دیا جاتا ہے۔ سیانے کہتے ہیں جتنے در ہوں گے اتنے ہی مانگنے والے بھی ہوں گے۔ بات صرف ڈی پی او یا سی پی او کی نہیں ہوتی، نہ ہی اُس کے پاس کوئی الہ دین کا چراغ ہوتا ہے کہ ہر معاملہ حل کر سکے۔

نارووال کے پہلے مسلمان وکیل شیخ ہدایت علی ایڈووکیٹ

سید عارف نوناری

شیخ ہدایت علی ایڈووکیٹ 1901ء ؁ میں پیدا ہوئے اور 1972ء ؁ میں فوت ہوئے وہ تین مرتبہ ایم ایل اے اور تین مرتبہ بلدیہ نارووال کے سربراہ منتخب ہونے والے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح? کے دست راست اور رہنما تحریک پاکستان تھے نارووال کی مٹی نے بہت سی سیاسی سماجی اور ادبی شخصیات پیدا کی ہیں جس کی وجہ سے پوری دنیا میں نارووال کی اپنی شناخت ہے۔ 1901ء ؁ میں شیخ محمد حسن کے گھر میں پیدا ہونے والا بچہ جس کا نام شیخ ہدایت علی رکھا گیا کسے معلوم تھا کہ مستقبل میں یہ بچہ بانی ء پاکستان قائداعظم محمد علی جناح? کا دستِ راست تحریک پاکستان کا رہنما اور نارووال کا پہلا مسلمان وکیل بنے گا ایک وقت تھا نارووال کورٹس میں ہندو سکھ اور غیر مسلم وکیلوں کا طوطی بولتا تھا کورٹس میں کوئی مسلم وکیل نہ تھا۔ شیخ ہدایت علی ایڈووکیٹ کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ وہ نارووال کے پہلے مسلمان وکیل تھے۔ بطور وکیل شیخ ہدایت علی ایڈووکیٹ مسلمانوں کی اُمید بن کر اُبھرے۔ وہ ہندو، سکھ، انگریز حکومت کی طرف سے مسلمانوں کے خلاف ہونے والی سازشوں کے راستے میں دیوار بن گئے۔ بطور وکیل شیخ ہدایت علی ایڈووکیٹ نے نارووال اور اردگرد کے علاقوں کے مسلمانوں کے بے پناہ مسائل حل کروائے اور کئی مسلم گھرانوں کے کیس بلامعاوضہ لڑے پورے علاقہ سیالکوٹ، نارووال میں ان کا نام گونجتا تھا۔ بطور وکیل شیخ ہدایت علی ایڈووکیٹ کا کردار نارووال کے مسلمانوں کے لیے قابل تحسین ہے شیخ ہدایت علی ایڈووکیٹ نے مشہور خطبہ الٰہ آباد 1930ء ؁ کے اجلاس میں بھی شرکت کی۔ آل انڈیا مسلم لیگ کے اس اجلاس کی صدارت شاعر مشرق علامہ محمد اقبال? نے کی۔ شیخ ہدایت علی ایڈووکیٹ نے 1937ء ؁ کے الیکشن میں مسلمانوں کی اہم آواز بن کر اُبھرے۔ قحط بنگال کے موقع پر شیخ ہدایت علی ایڈووکیٹ نے قائداعظم محمد علی جناح? کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے بنگال کے متاثرین مسلمانوں کی بھرپور مدد کی اور 30 خاندانوں کی کفالت دو سال تک کی۔ 23 مارچ 1940ء ؁ کی قرارداد پاکستان لاہور کے جلسہ میں نارووال سے مسلمانوں نے شیخ ہدایت علی ایڈووکیٹ کی قیادت میں شرکت کی۔ 1944ء ؁ میں آل انڈیا مسلم لیگ کا پہلا باقاعدہ جلسہ شیخ ہدایت علی ایڈووکیٹ کی سربراہی میں نارووال میں منعقد ہوا۔ شیخ ہدایت علی ایڈووکیٹ نے اس جلسہ کی کامیابی کے لئے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ دن رات ایک کیا۔ 1946ء ؁ کے الیکشن میں جو قیام پاکستان کے لئے لڑے گئے آل انڈیا مسلم لیگ کی طرف سے شیخ ہدایت علی ایڈووکیٹ ایم ایل اے منتخب ہوئے 14 اگست 1947ء ؁ کو قیام پاکستان کے وقت شیخ ہدایت علی ایڈووکیٹ آل انڈیا مسلم لیگ نارووال کے صدر اور ایم ایل اے تھے۔ قیام پاکستان کے بعد نارووال میں مہاجرین کی آبادکاری میں انہوں نے ناقابل فراموش خدمات سرانجام دیں اور بھارت سے ہجرت کر کے آنے والے مہاجرین کی امداد اور ان کے مسائل حل کرنے میں آگے آگے رہے وہ مسلمانون کے حقوق کے حصول کی جدوجہد میں بھی برصغیر میں کوشاں تھے بحیثیت صدر آل انڈیا مسلم لیگ نارووال ان کو اس وقت کے مطابق افسر آبادکاری کے آئینی اور عدالتی حقوق حاصل تھے۔ شیخ ہدایت علی ایڈووکیٹ نے نارووال میں آنے والے مہاجرین کو ایسے سیٹ کیا کہ آباد ہونے والوں نے ذرا سی بھی مشکل محسوس نہ کی۔ شیخ ہدایت علی ایڈووکیٹ آل انڈیا مسلم لیگ نارووال کے صدر اور ایم ایل اے اور مقامی وکیل تھے زرعی اور شہری جائیدادوں کی تمام تر تفصیل سے واقف تھے جو ہندو اور سکھ چھوڑ گئے تھے۔ شیخ ہدایت علی ایڈووکیٹ نے کسی مقامی یا غیر حقدار کو نہ کوئی متروکہ زرعی یا شہری رقبہ دبانا دیا نہ کوئی شہری متروکہ جائیداد کو کسی مقامی کو ہتھیانے دی۔ شیخ ہدایت علی ایڈووکیٹ صبح سے لیکر رات تک خود آباد کاری کا انتظام کرتے تھے اہلکاروں سے اپنی نگرانی میں سب کام انجام دلواتے تھے۔ شیخ ہدایت علی ایڈووکیٹ کی خدمات کا اعتراف اس وقت کی ضلعی انتظامیہ اور مرکزی و صوبائی حکومت بھی کرتی تھی ان کی خدمات کا اعتراف ایک جلسہ عام میں کیا گیا۔ شیخ ہدایت علی ایڈووکیٹ کا انتظام آبادکاری پورے پاکستان میں ٹاپ آف دی لسٹ تھا۔ شیخ ہدایت علی ایڈووکیٹ نے مقامی لوگوں کو ہندوؤں کے مکانات اور مال لوٹنے کی اجازت نہ دی جن لوگوں نے لوٹ مار کی۔ شیخ ہدایت علی ایڈووکیٹ کی تقریر اور ان کی طرف سے شہر میں منادی کرانے کے بعد وہ لوگ اس کے لئے مخصوص جگہ پر رکھ آئے، پھر شیخ ہدایت علی ایڈووکیٹ کی نگرانی میں اثاثہ جات کی لسٹیں تیار ہوتی تھیں شیخ ہدایت علی ایڈووکیٹ خود اپنے ہاتھوں سے یہ سامان حقدار مہاجرین میں روز تقسیم کرتے تھے۔ شیخ ہدایت علی ایڈووکیٹ کی رہائش گاہ دارالھدیت نارووال آنے والے مہاجرین اور مسلمانوں کی خدمت کا واحد مرکز تھی، اہلیان نارووال کو فخر ہے پاکستان کے قابل فخر سپوتوں میں سے شیخ ہدایت علی ایڈووکیٹ کا تعلق نارووال سے ہے جن کی زندگی کا مقصد مسلمانوں کے لیے بہتر ملک کے حصول کے لئے کام کرنا تھا نارووال کی شیخ برداری میں سے لوگ بیرون ممالک میں سفیر بھی رہے اور بیوروکریٹ بھی رہے نارووال کی تاریخ کے اوراق سے پتہ چلتا ہے کہ وکلاء ؁ اور سیاست دانوں نے تحریک پاکستان میں نمایاں کردار ادا کیا موجودہ دور میں بھی وکلاء ؁ کا کردار نمایاں ہے اور نارووال کی ترقی وخوشحالی کے لئے منصوبہ جات پر کام جاری ہے۔

لوگوں کو لٹنے سے بچائیں

محمد افضل عاجز

تقریباً ایک بجے دن کا وقت ہوگا گھر میں کچھ مہمان تھے تو میں نے بیٹے سے کہا مہمانوں کے کھانے کیلئے کچھ لے آؤ بازار ہمارے گھر سے زیادہ سے زیادہ دس منٹ کے فاصلے پر ہے جہاں سے روزمرہ استعمال کی ہر شے آسانی سے مل جاتی ہے ابھی اسے گھر سے نکلے زیادہ سے زیادہ دس سے پندرہ منٹ ہوئے ہوں گے میرے فون کی گھنٹی بجی ہیلو کہا تو ایک آواز ابھری میں فلاں تھانے سے بات کر رہا ہوں کیا آپ علی کے والد ہیں میں نے جواباً جی کہا تو اس نے بتایا آپ کا بیٹا ہمارے تھانے کی حوالات میں بند ہے آپ لوگ اپنے بچوں کی تربیت کیوں نہیں کرتے میں نے کہا میں سمجھا نہیں بیٹے نے کیا کیا ہے جو تھانے میں بند ہے جواباً اس نے بتایا چند لڑکوں کے ساتھ موٹر سائیکل چراتے ہوئے پکڑا گیا ہے باقی بچے تو چھٹے ہوئے بدمعاش لگتے ہیں مگر یہ آپ کا بیٹا شکل سے شریف نظر آیا تو میں نے آپ کا فون نمبر لے کر آپ سے بات کرنا مناسب سمجھا میں حیران کہ ابھی دس منٹ پہلے تو بیٹے کو میں نے سودا لینے کیلئے بھیجا ہے یہ دس منٹ میں ڈکیتی اور پھر تھانے کیسے پہنچ گیا ہے جبکہ ہمارے علاقے کا تھانہ بھی ہمارے گھر سے تقریباً آدھے گھنٹے کے فاصلے پر ہے مگر میں نے پھر بھی تسلی کیلئے پوچھا میں کیسے مان لوں کہ پکڑے جانے والا میرا ہی بیٹا ہے اس بات پر فون والے صاحب نے اونچی آواز میں کسی کو بولنے کو کہا یہ کسی ڈرے سہمے بچے کی آواز تھی جو کم از کم میرے بیٹے کی نہیں تھی ان فون والے شخص کے ساتھ مکالمہ چل رہا تھا اب اس نے مجھے سمجھایا کے اگر آپ تیس ہزار روپے دے دیں تو بچے کو چھوڑا جا سکتا ہے ورنہ پھر بچے کا مستقبل خراب ہو جائے گا اس گفتگو کے دوران مجھے حیرانی ہو رہی تھی کہ دس پندرہ منٹ میں یہ کیسے ممکن ہے کہ اچانک میرا بیٹا سودا پکڑے گھر داخل ہوا میں نے تسلی محسوس کرتے ہوئے فون والے سے کہا فون بند کرو میرے پاس تمہارا نمبر آ چکا ہے میں ابھی تمہارا بندوبست کرتا ہوں یہ سنتے ہی اس نے فون بند کر دیا یہ نمبر کوئی عجیب قسم کا تھا بعد میں چند دوستوں کے ساتھ اس واقعے کے حوالے سے گفتگو کی تو تین چار دوستوں نے تصدیق کی کے ان کے ساتھ بھی یہ واقعہ پیش آ چکا ہے نجانے یہ کون لوگ ہیں جو اس طریقے سے لوگوں کو پریشان کر کے ان سے پیسے نکلوا لیتے ہیں اس واقعے سے ملتا جلتا دوسرا واقعہ بھی سنانا چاہتا ہوں تا کہ لوگوں کو آگاہی حاصل ہو سکے اور فراڈ سے بچ جائیں یہ واقعہ تقریباً ہر دسویں بندے کو پیش آ چکا ہے اچانک فون کی گھنٹی بجے گی دوسری طرف سے کوئی شخص آپ کو سلام کرتے ہوئے بڑی محبت سے حال احوال پوچھے گا اور پھر خود ہی کہے گا شاید آپ نے مجھے پہچانا نہیں مگر آپ پہچانیں گے کیسے آپ کو تو اپنے رشتہ داروں اور پیاروں سے کوئی دلچسپی ہی نہیں اس گفتگو سے آپ کے اندر تجسس پیدا ہوگا کہ یہ کون رشتہ دار ہے جو اتنا دکھی ہے پھر وہ خود آپ کو بتائے گا میں آپ کا بھانجا بول رہا ہوں مجھے بھی فون پر جب اس نے بھانجے کا کہا تو میں نے دل میں سوچا میری تو کوئی بہن ہی نہیں تو پھر یہ بھانجا کہاں سے آ گیا میں سمجھ گیا یہ کوئی فراڈیا ہے سو میں نے اس شخص سے پوچھا بتائیں میں آپ کے کس کام آ سکتا ہوں اب اس نے مجھے دکھی لہجے میں بتایا میں ملک سے باہر فلاں ملک میں ہوں گزشتہ پانچ سال سے محنت کر کر کے پیسے گھر بھیجتا ہوں مگر گھر والے ان پیسوں کو فضول خرچی میں اڑا رہے ہیں اب میں نے سوچا ہے کہ اپنی تمام رقم ماموں یعنی آپ کے حوالے کر دوں کیونکہ یہاں کے ملک کے قوانین بہت سخت ہیں آپ پانچ لاکھ سے زیادہ اکاؤنٹ میں نہیں رکھ سکتے میرے پاس بیس لاکھ روپے جمع ہیں جو میں بطور امانت آپ کے پاس بھیجنا چاہتا ہوں آپ بیشک اپنے کاروبار میں لگا سکتے ہیں اور جب میں واپس آؤں تو مجھے واپس کر دینا اور میری فیملی کو بھی اس بات کا علم نہیں ہونا چاہئے بس آپ اپنا اکاؤنٹ نمبر سینڈ کر دیں۔

شکر ہے میرے لالچ نے سر نہیں اٹھایا اور میں نے اسے کہا میرے بھانجے تم اتنے سخی کیسے ہو گیے ہو یہ کہنے کی دیر تھی اس نے فون بند کر دیا یہ دو واقعات اور ملتے جلتے دیگر واقعات جیسے واٹس ایپ کا ہیک ہو جاتا اور ہیک کئے جانے والے شخص کے دوستوں سے ایمر جنسی کے نام پر پیسے مانگنا اس طریقے سے ہزاروں لوگوں کو لوٹا جا چکا ہے سوال یہ ہے کہ جن کمپنیوں کے فون چل رہے ہیں اس سلسلے میں وہ اپنے کسٹمر کو کیا تحفظ دے رہی ہیں کیا ان کے لئے یہ جاننا مشکل ہے کے کال کہاں سے کی جا رہی ہے پیسے کس طرح ایک نمبر کے ذریعے وصول ہو بھی رہے ہیں تو ان کے علم کیوں نہیں ہے کیوں یہ کمپنیاں اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کر رہیں کیوں روزانہ فراڈ کے ذریعے لوگوں کو لوٹا جا رہا ہے کیا ان کمپنیوں پر لازم نہیں کے مختلف چینلز اور اخبارات کے ذریعے لوگوں کو فراڈ سے بچنے کے لیے رہنمائی کریں۔

روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ

بقیہ جات

بقیہ 1

کے سوال پر وزارت داخلہ نے تحریری جواب میں بتایا کہ پاسپورٹ فیس کی مد میں سال دو ہزار اکیس بائیس میں 21ارب 61 کروڑ 80لاکھ روپے اور دو ہزار بائیس تیئس میں 34ارب 49 کروڑ 50لاکھ روپے وصول ہوئے۔ اسی طرح، سال دو ہزار تیئس چوبیس میں 50ارب 90 کروڑ 60 لاکھ، دو ہزار چوبیس پچیس میں 64ارب 39 کروڑ 20لاکھ روپے اور دو ہزار پچیس چھبیس میں 48ارب 52 کروڑ روپے قومی خزانے میں جمع ہوئے۔ تحریری جواب میں بتایا گیا ہے کہ ای پاسپورٹس کی تیاری اور خریداری پر اخراجات عام پاسپورٹس کے مقابلے میں زیادہ ہیں۔ پاکستان میں مشین ریڈایبل پاسپورٹ سے ای پاسپورٹ نظام کی جانب مرحلہ وار منتقلی جاری ہے جبکہ عالمی سول ایوی ایشن تنظیم کے معیار کے مطابق ای پاسپورٹ نظام متعارف کروایا جارہا ہے۔

بقیہ 2

(پی پی ایل) کے دفاتر کی منتقلی کے معاملے کو صوبائیت کی نظر سے نہیں دیکھا جانا چاہیے، یہ فیصلہ کمپنی کے انتظامی و مالی معاملات اور اخراجات کو موثر انداز میں چلانے کی ضرورت کے تحت کیا جارہا ہے۔ جمعہ کو ایوان بالا میں سینیٹر سید وقار مہدی اور سینیٹر ضمیر حسین گھرو کے توجہ دلاؤ نوٹس کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کمپنی کے بورڈ نے متعدد مرتبہ موجودہ دفتر کی عمارت خالی کرنے کو ناگزیر قرار دیا ہے۔ عوامی پیسہ قومی امانت ہے، اس لیے دو مختلف مقامات پر دفاتر، اضافی اخراجات اور الگ الگ انتظامی ڈھانچے برقرار رکھنے کے بجائے وسائل کے موثر استعمال کو ترجیح دی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تاثر درست نہیں کہ دفتر کی منتقلی سے تمام ملازمین متاثر ہوں گے۔ کمپنی کے تقریباً 77 فیصد ملازمین مذکورہ دفتر میں تعینات نہیں بلکہ مختلف مقامات اور دیگر دفاتر میں خدمات انجام دے رہے ہیں، اس لیے ان پر منتقلی کے فیصلے کا براہ راست اثر نہیں پڑے گا۔ طلال چوہدری نے کہا کہ کمپنی کے اثاثے صرف سندھ تک محدود نہیں بلکہ بلوچستان میں بھی اس کے بڑے اثاثے موجود ہیں۔ اگر ہر صوبے کی بنیاد پر دفاتر کے قیام یا منتقلی کے فیصلے کیے جائیں تو انتظامی معاملات کو موثر انداز میں چلانا مشکل ہو جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ کے دفتر کو کراچی یا سندھ سے منتقل کرنے کے معاملے پر صوبائیت کی بنیاد پر سوچنے کی کوئی گنجائش نہیں۔ اس معاملے کو کمپنی کی ضروریات، بورڈ کی سفارشات اور قومی وسائل کے موثر استعمال کے تناظر میں دیکھا جانا چاہیے۔

بقیہ 3

کلیدی کردار ادا کرے گی، ریاست کے تمام ستونوں کو اپنے عملی کردار سے بلوچستان کے نوجوانوں کو یہ پیغام دینا ہوگا کہ انہیں میرٹ پر بھرتی کیا جائے گا، میرٹ پر ذمہ داریاں سونپی جائیں گی اور وہ کسی سیاسی مداخلت کے بغیر اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے مطابق خدمات انجام دے سکیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو نیشنل پولیس اکیڈمی اسلام آباد میں بلوچستان پولیس میں نئے تعینات ہونے والے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹس آف پولیس (ڈی ایس پیز) کی تربیت مکمل ہونے پر منعقدہ پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر نیشنل پولیس اکیڈمی کے کمانڈنٹ آئی جی پی سعد بھروانہ نے سپاسنامہ پیش کیا۔ تقریب میں آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر خان، بلوچستان پولیس کے تربیت مکمل کرنے والے افسران، مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کے شرکاء، پولیس سروس آف پاکستان اور نیشنل اکاؤنٹیبلٹی بیورو کے افسران بھی موجود تھے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ میرٹ اور پیشہ ورانہ آزادی کا مطلب ہرگز یہ نہیں کہ پولیس افسران خود کو عوام سے بالاتر یا کسی حاکم کی حیثیت میں تصور کرنے لگیں۔ پولیس افسران ریاست اور عوام کے خادم ہیں، انہیں نہایت دیانت داری، عزت و وقار اور احساس ذمہ داری کے ساتھ بلوچستان کے عوام کی خدمت کرنا ہوگی۔ آج ان کے کندھوں پر پہلے سے زیادہ ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں، کیونکہ بلوچستان کو مکمل طور پر اے ایریا قرار دیا جا چکا ہے۔ یہ ایک بڑی ذمہ داری کے ساتھ ساتھ ایک اہم موقع بھی ہے اور ہمیں ثابت کرنا ہے کہ یہ فیصلہ آنے والی نسلوں کے بہتر مستقبل اور صوبے میں موثر امن و امان کے قیام کے لیے کیا گیا ہے۔ انہوں نے تربیت مکمل کرنے والے افسران کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ انہیں یقین ہے کہ یہ نوجوان افسران اپنے کردار، پیشہ ورانہ طرز عمل، فرائض کی ادائیگی اور درپیش چیلنجز کا جرات مندانہ مقابلہ کرکے صوبے اور ملک کا نام روشن کریں گے۔

بقیہ 4

میں پانچوں ڈرونز ہدف تک پہنچنے سے پہلے ہی تباہ کر دیے گئے۔ واقعے میں کسی قسم کا جانی یا مالی نقصان نہیں ہوا۔

بقیہ 5

ی (2013-2009) تک فارن فنڈنگ ثابت ہونے کے بعد اگلے پانچ سال (2014-2019) کے دوران ہونے والی مبینہ فارن فنڈنگ کی تحقیقات بھی کرائے۔ یاد رہے کہ سپریم کورٹ آف پاکستان کے دسمبر 2017 کے فیصلہ کے تحت الیکشن کمیشن آف پاکستان کو از خود یہ اختیار حاصل ہے کہ کسی شکایت کے باضابطہ دائر ہوئے بغیر بھی وہ سیاسی جماعتوں کی فنڈنگ کی مکمل تحقیقات کر سکتا ہے۔ قومی سلامتی کے تقاضوں کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے یہ عدالتی کمیشن پارلیمان میں موجود تمام پاپولر سیاسی جماعتوں کی فنڈنگ کی مکمل تحقیقات کرائے۔

بقیہ 6

شاندار اقتصادی تبدیلی، جدت اور ترقی کے شعبے میں حاصل ہونے والی کامیابیوں کو سراہا۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان سنگاپور کے ساتھ اپنی شراکت داری کو دوطرفہ اور آسیان کے پلیٹ فارم کے ذریعے، کثیر الجہتی سطحوں پر اہمیت دیتا ہے۔ فریقین نے دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کو بڑھانے اور ترجیحی شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا جن میں ڈیجیٹل اکانومی، فن ٹیک، انفراسٹرکچر کی ترقی، لاجسٹکس، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار اور سروسز کے شعبہ شامل ہیں۔ انہوں نے باہمی طور پر مفید اقتصادی تعاون کے لئے نئے راستے تلاش کرنے اور عوام سے عوام کے رابطوں کو بڑھانے پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ دونوں رہنماؤں نے علاقائی اور بین الاقوامی پیشرفت پر بھی خیالات کا تبادلہ کیا اور دوطرفہ اور کثیر الجہتی فورمز پر مسلسل تعاون کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 7

کردی۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک افغان سرحد پر افغان طالبان کی اشتعال انگیزی کا پاک فوج کی جانب سے منہ توڑ جواب دیا گیا اور طالبان رجیم کی متعدد چوکیاں تباہ کردی گئیں، پاک فوج نے جنوبی وزیرستان اور پاراچنار سے ملحقہ علاقوں میں متعدد افغان طالبان کی چوکیوں اور فوجی تنصیبات کو کامیابی سے نشانہ بنایا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک فوج نے بھاری ہتھیاروں سے کارروائی کرتے ہوئے افغان طالبان کو پوسٹیں چھوڑ کر فرار ہونے پر مجبور کردیا، پاک فوج کی موثر کارروائی میں افغان طالبان رجیم کے متعدد اہلکاروں کی ہلاکت کی بھی اطلاعات ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز ملکی دفاع اور عوام کے تحفظ کے لیے پرعزم ہیں، قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 8

کی فراہمی اور تجارتی روابط میں سہولت کاری اور دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم کرنے پر تبادلہ خیال کیا۔ ترجمان پٹرولیم ڈویژن کے مطابق ملاقات میں وفاقی وزیر نے پاکستان اور سعودی عرب کی دیرینہ سٹریٹجک شراکت داری کا خیرمقدم کیا اور بتایا کہ ریاض کے حالیہ دورے کے دوران انہوں نے ولی عہد شہزادہ عبدالعزیز بن سلمان السعود کو پاکستانی قیادت کی جانب سے سعودی عوام کے لیے یکجہتی اور محبت کے خصوصی جذبات پہنچائے تھے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کے ساتھ اپنے تاریخی تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور سٹریٹجک شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے کے لیے پرعزم ہے۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ پاکستان نے ٹیکس نیوٹرل بانڈڈ سٹوریج پالیسی کی منظوری دے دی ہے، پالیسی کے تحت سعودی کمپنیوں کو تجارتی بنیادوں پر تیل کے ذخائر قائم کرنے کی پیشکش کی ہے۔ پاکستان میں تیل ذخیرہ کرنے کی سہولیات سے سعودی عرب کو آبنائے ہرمز اور آبنائے باب المندب سے منسلک بحری ترسیل کے خطرات میں تنوع لانے اور ایشیائی منڈیوں تک رسائی میں مدد ملے گی۔ وفاقی وزیر پٹرولیم نے کہا کہ حب بلوچستان میں بڑے پٹرولیم سٹوریج اور ریفائننگ کمپلیکس کے قیام سے متعلق آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم اور چیف آف ڈیفنس فورسز کی معاونت سے تیار کی جانے والی اس مجوزہ سہولت میں خام تیل بردار بہت بڑے بحری جہازوں کو لنگر انداز ہونے کی سہولت فراہم کی جائے گی اور یہ وسطی ایشیائی اور چینی منڈیوں کو خدمات فراہم کرنے والی علاقائی توانائی راہداری کے طور پر پاکستان کی صلاحیت کو مستحکم بنائے گی۔

بقیہ 9

طرفہ سیاسی مشاورت پر اتفاق ہوا ہے، پاکستان ان پہلے ممالک میں شامل تھا جس نے سنگاپور کو تسلیم کیا، یہ سنگاپور کے کسی بھی وزیر خارجہ کا دو دہائیوں میں پہلا دورہ ہے۔ اسحاق ڈار نے بتایا کہ ملاقات کے دوران خطے سمیت عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا، مسلسل دوطرفہ سیاسی مشاورت پر اتفاق ہوا ہے، سنگاپور میں پاکستانی ہائی کمیشن میں ٹریڈ اینڈ انویسٹمنٹ کا دفتر دوبارہ کھولا گیا ہے۔ سنگاپور کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ویوین نے کہا کہ میں ایک چھوٹے سے جزیرے کے ملک سے ہوں، پاکستان ایک خوبصورت ملک ہے جہاں پہاڑ اور سبزہ ہے، وزیر اعظم شہباز شریف نے دورہ سنگاپور کی دعوت قبول کر لی۔ وزیر خارجہ سنگاپور نے بتایا کہ این ڈی ایم اے کے ساتھ ہمارا ایک اہم ایم او یو ہوا، قدرتی آفات کو قابو کرنے میں مل کر کام کرنے سے ہی آگے بڑھ سکتے ہیں، ایم او یو کے تحت ارلی وارننگ سسٹم اور دیگر شعبوں میں کام کرینگے۔ دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے وزارت خارجہ میں جمہوریہ سنگاپور کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ویوین بالاکرشنن سے خوشگوار ماحول میں ملاقات کی۔ دونوں وزرائے خارجہ نے پاکستان اور سنگاپور کے درمیان دیرینہ اور دوستانہ تعلقات کا جائزہ لیا، جبکہ دونوں ممالک سفارتی تعلقات کے قیام کی 60ویں سالگرہ منا رہے ہیں۔ دونوں رہنماؤں نے اعلی سطح کے مسلسل تبادلوں کی اہمیت پر زور دیا اور تجارت، سرمایہ کاری، روابط کے فروغ اور ہنرمندی کی ترقی کے شعبوں میں تعاون کو مزید بڑھانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ اس کے علاوہ کاروباری اداروں کے درمیان روابط اور عوامی سطح پر تعلقات کو فروغ دینے پر بھی اتفاق کیا گیا، ملاقات میں کثیر الجہتی فورمز پر تعاون اور آسیان (ASEAN) کے ساتھ پاکستان کے بڑھتے ہوئے روابط پر بھی گفتگو ہوئی۔ علاقائی اور عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے تنازعات کے حل اور پائیدار امن و استحکام کے فروغ کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری کی اہمیت پر زور دیا۔

بقیہ 10

شدید زخمی ہو گیا جو بعد میں ہسپتال مین دم توڑ گیا۔ واقعے کے فوراً بعد پولیس اور امدادی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر لاش اور زخمی کو طبی امداد و ضروری کارروائی کے لیے سول ہسپتال منتقل کر دیا۔ زخمی بھائی کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے جہاں اسے طبی امداد فراہم کی جارہی ہے۔ پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کرنا شروع کر دیے ہیں اور ملزمان کی گرفتاری کے لیے سرچ آپریشن کا آغاز کر دیا گیا ہے، جبکہ واقعے کی وجوہات جاننے کے لیے مختلف پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 11

گرفتار کیا۔ گرفتار ملزمان میں عامر احمد ولد برات خان (سکنہ نواں کلی)، نعمان ولد محمد رسول (سکنہ نواں کلی) اور حکمت اللہ ولد یار محمد (سکنہ اتحاد کالونی) شامل ہیں۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق ملزمان سوشل میڈیا اور موبائل فون کے ذریعے کم عمر لڑکوں سے رابطہ قائم کر کے انہیں مختلف مقامات پر بلاتے تھے، جہاں ان کی ویڈیوز بنا کر انہیں بلیک میل اور جنسی استحصال کا نشانہ بنایا جاتا تھا۔ پولیس نے ملزمان کے خلاف باقاعدہ مقدمہ درج کر کے قانونی کارروائی اور مزید تفتیش شروع کر دی ہے تاکہ واقعے کے دیگر پہلوؤں اور ممکنہ متاثرین کا سراغ لگایا جا سکے۔ حکام کے مطابق بچوں کے تحفظ اور بلیک میلنگ جیسے سنگین جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 12

پرواز کو اب کل صبح روانہ کیے جانے کا بتایا گیا ہے تفصیلات کے مطابق آج 30 اکتوبر 2026 کو ایئر عربیہ کی شارجہ سے کوئٹہ آنے والی پرواز G9 567 اپنے مقررہ شیڈول کے مطابق کوئٹہ انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پہنچی۔ پرواز نے مسافروں کو اتارنے کے بعد تقریباً ایک بجے کے قریب شارجہ کے لیے دوبارہ روانہ ہونا تھا، تاہم ٹیک آف کے دوران جہاز کے دونوں انجنوں میں اچانک فنی خرابی پیدا ہوگئی اور انجن بند ہوگئے ذرائع کے مطابق جہاز نے ٹیک آف کے لیے رن وے پر تیزی سے دوڑنا شروع کیا، تاہم پرواز بھرنے کے مرحلے میں اچانک انجنوں نے کام کرنا چھوڑ دیا۔ انجن بند ہونے کے باعث جہاز نے فضا میں بلند ہونے کے بجائے رن وے پر ہی رفتار کم کی اور جھٹکے کھاتے ہوئے رن وے کے آخری مقام پر جا کر رک گیا۔

بقیہ 13

گی۔ حکام نے بتایا کہ مہم کے دوران کوئٹہ میں مجموعی طور پر 4 لاکھ 29 ہزار بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جس کے لیے 1600 پولیو ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں، جبکہ مہم کے دوران ٹیموں کی سیکورٹی کے لیے 1800 سیکورٹی اہلکار تعینات کیے جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر مہراللہ بادینی نے ہدایت کی کہ پولیو مہم کے سیکورٹی پلان اور کمپین پلان پر موثر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، تمام علاقوں کے مائیکرو پلان کا باریک بینی سے جائزہ لیا جائے اور پولیو ٹیموں کی باقاعدہ مانیٹرنگ کی جائے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ پولیو سے انکاری والدین (ریفوزل کیسز) کی کوریج کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور کسی بھی علاقے یا بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے سے محروم نہ رکھا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام پر زور دیا کہ تمام ادارے باہمی رابطے اور مربوط حکمت عملی کے تحت اپنی ذمہ داریاں ادا کریں تاکہ انسداد پولیو مہم کو کامیاب بنایا جا سکے۔

بقیہ 14

جنگ نہیں دیکھی، ٹرمپ بھی چھ، سات اور بھی آٹھ طیارے گرانے کے دعوے کرتے ہیں۔ انہیں سمجھ نہیں آتی کہ وہ کس وجہ سے پاکستانی قیادت پر اتنے مہربان ہیں اور ہر مرتبہ پاکستان کی جانب سے گرائے گئے بھارتی طیاروں کی تعداد میں ایک کا اضافہ کر دیتے ہیں۔ ایمل ولی خان کا کہنا تھا کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان ہونے والی کشیدگی کو وہ جنگ نہیں سمجھتے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ کوئی جنگ نہیں ہوتی کہ ایک فریق چھ جہاز اڑانے اور دوسرے تین راکٹ داغنے کا دعویٰ کرے۔ انہوں نے کہا کہ آج کل اگر ایک ڈرون بھی گر جائے تو اس کا ملبہ سامنے آ جاتا ہے، لیکن اس مبینہ جنگ میں صرف چند پرزے دکھائے گئے اور اسے بڑی جنگ قرار دے دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ خدا نہ کرے پاکستان اور بھارت کے درمیان حقیقی جنگ ہو، کیونکہ جنگ کی تباہ کاریوں کی مثال ایران اور امریکہ کے درمیان ہونے والی لڑائی ہے، جہاں ایران تباہ و برباد ہو گیا۔ ایمل ولی خان نے مزید کہا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے پاکستانی قیادت کیلئے مسلسل تعریف اور حمایت بھی کئی سوالات کو جنم دیتی ہے۔

بقیہ 15

چلتا ہے۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میرے لیڈر کے بارے کوئی اگر الفاظ بولے گا تو اس کو جواب تو ملے گا، وزیر داخلہ محسن نقوی بارے میں نے شی میل کا لفظ استعمال نہیں کیا، میں نے وزیر داخلہ محسن نقوی کے بارے میں کہا جب وہ چلتا ہے تو شی میل کی طرح چلتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اللہ تعالی، رسول صلی علیہ وآلہ وسلم کے بعد ریاست بارے ہماری ایک ہی پالیسی ہے، ریاست کی باونڈری کی حوالے سے کوئی بات نہیں کی، سیاسی بات کا سیاسی انداز میں بات ہونی چاہیے، ذاتی حملے نہیں ہونے چاہیے، ملک میں صاف شفاف انتخابات کے لیے قانون پہلے ہی موجود ہیں۔ کامران مرتضیٰ نے کہا کہ قانون پر عملدرآمد ہونا ضروری ہے، انتخابات میں دھاندلی کو کسی قانون کے تحت پکڑا جا سکتا ہے، کیا آر اوز اور پریزائیڈنگ آفیسرز دھاندلی کے خلاف گواہی دیں گے؟ جے یو آئی رہنما نے کہا کہ پی ٹی آئی کے کچھ لوگ نئے صوبوں کی حمایت کے حوالے سے بات کر رہے ہیں، 28 ویں آئینی ترمیم نومبر کے تیسرے ہفتے میں آنے کا امکان ہے۔

بقیہ 16

کسی، ذاتی حملوں اور غیر سنجیدہ بیانات کا سہارا لینا اس امر کی عکاسی کرتا ہے کہ دلیل اور سیاسی بصیرت کا مقابلہ کرنے کے بجائے مخالفین کو ذاتی تنقید کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ ایسی روش سے نہ صرف متعلقہ وزرا کی سیاسی تربیت اور سنجیدگی بے نقاب ہوتی ہے بلکہ ان کے پیچھے موجود پشتی بانوں کی سنجیدگی، وقار اور عزت پر بھی سوالیہ نشان کھڑے ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن ملک کے ایک مدبر سیاسی رہنما ہیں، جنہوں نے ہمیشہ آئین، پارلیمان، جمہوری اقدار، عوامی حقوق اور ملکی خودمختاری کی بات کی ہے۔ ان کے موقف کو ذاتی حملوں سے دبایا نہیں جا سکتا، کیونکہ سیاسی اختلاف کا جواب دلیل، کردار اور کارکردگی سے دیا جاتا ہے، گالم گلوچ، الزام تراشی اور جھوٹے پروپیگنڈے سے نہیں۔ انہوں نے کہا کہ جھوٹ کو ڈھٹائی سے دہرانے والے بہت جلد اپنی حقیقت سے دوچار ہوں گے اور انہیں عوام کے سامنے جواب دینا پڑے گا۔ ہمارے دروازوں پر سجدہ ریز ہونے کی باتیں کرنے والوں کو یہ بھی سمجھنا چاہیے کہ بغیر وضو کے سجدے بھی کام نہیں آئیں گے۔ سیاست میں عزت اور وقار کا راستہ سچائی، اصول پسندی اور عوامی خدمت سے ہو کر گزرتا ہے۔ اقتدار کی مجبوریوں میں مخالفین پر الزامات لگانے سے نہ عوامی مسائل حل ہوں گے اور نہ ہی حکمرانوں کی ساکھ بحال ہو سکے گی۔ اس موقع پر جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی سیکرٹری جنرل آغا محمود شاہ نے کہا کہ جمعیت علما اسلام کی قیادت اور کارکنوں نے ہمیشہ آئینی، جمہوری اور پرامن جدوجہد کے ذریعے عوام کے حقوق کی ترجمانی کی ہے۔ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کا مقف حقائق، قومی مفاد اور عوامی امنگوں کی ترجمانی کرتا ہے۔ حکمران جماعت کے وزرا اپنی کارکردگی کا دفاع کرنے کے بجائے جمعیت کی قیادت کے خلاف غیر شائستہ زبان استعمال کر کے اپنی سیاسی کمزوریوں پر پردہ نہیں ڈال سکتے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان سمیت ملک بھر کے عوام مہنگائی، بے روزگاری، بدامنی اور بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی جیسے سنگین مسائل سے دوچار ہیں۔ وزرا کو چاہیے کہ وہ سیاسی مخالفین کی کردارکشی کے بجائے عوامی مسائل کے حل پر توجہ دیں۔ جمعیت علما اسلام اصولی سیاست، آئین کی بالادستی، پارلیمان کے احترام اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی اور کسی دباؤ، الزام تراشی یا پروپیگنڈے سے اپنے موقف سے دستبردار نہیں ہوگی۔

بقیہ 17

ہی ہیں، جہاں ڈپٹی کمشنران کی درخواستوں پر فوری ایکشن لیتے ہوئے احکامات جاری کر رہی ہیں۔ گزشتہ دنوں خالق آباد کی خواتین کے لیے منعقدہ کھلی کچہری وزیر اعلیٰ بلوچستان کی وژنری قیادت اور چیف سیکرٹری بلوچستان کی گڈ گورننس کا آئینہ دار ہے۔ انتظامیہ کی اس مخلصانہ کوشش پر عوام الناس حکومت سے انتہائی مطمئن ہیں اور اظہار تشکر کر رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر قلات کا کہنا ہے کہ انتظامی و سرکاری محکموں کے افسران عوام الناس کو سروسز ڈیلیوری یقینی بنائیں تاکہ انتظامیہ عوامی مسائل حل کی جانب بہتر اقدامات جاری۔ رکھ سکے

بقیہ 18

بچوں کو محفوظ رکھنے کے لیے بروقت پولیو ویکسین کے قطرے پلانا انتہائی ضروری ہے۔ والدین اپنے پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو ہر انسداد پولیو مہم کے دوران پولیو سے بچاؤ کے قطرے لازمی پلوائیں، خواہ ان کے بچوں کو پہلے بھی متعدد مرتبہ ویکسین کیوں نہ پلائی جا چکی ہو۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں، اپنے گھروں میں آنے والے پولیو ورکرز کو خوش آمدید کہیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطروں سے محروم نہ رہے۔ والدین کی معمولی سی غفلت بچوں کی صحت اور مستقبل کے لیے خطرے کا باعث بن سکتی ہے، لہٰذا اس قومی فریضے کو سنجیدگی سے ادا کرنا ہر خاندان کی ذمہ داری ہے۔

بقیہ 19

مشترکہ خوشحالی کا فلسفہ ہے۔ چین اپنی ترقی اور غربت کے خاتمے کے کامیاب تجربات پاکستان کے ساتھ بانٹنے کو اولین ترجیح دیتا ہے تاکہ دونوں ممالک باہمی تعاون کے ذریعے پائیدار ترقی اور عوامی خوشحالی کے مشترکہ اہداف حاصل کر سکیں۔ جمعہ کو پاکستان میں منعقدہ 2026 چین۔ جنوبی ایشیا ممالک غربت میں کمی اور ترقیاتی تعاون فورم سے خطاب

بقیہ 20

معاشی وسماجی صورتحال کا جائزہ لینے کے عمل کے دوران بڑی تعداد میں خواتین کو پروگرام سے خارج کیا گیا ہے۔ اس عمل کے نتیجے میں ملک بھر میں تقریباً 22 لاکھ 50 ہزار خواتین کو بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی امداد کے لیے نااہل قرار دیے جانے کی اطلاعات ہیں۔ ذرائع کے مطابق کوئٹہ میں بھی بڑی تعداد میں خواتین اس فیصلے سے متاثر ہوئی ہیں اور 42 ہزار 231 خواتین کو پروگرام کی موجودہ فہرست سے خارج کیا گیا ہے۔ ان خواتین میں ایسے گھرانوں سے تعلق رکھنے والی خواتین بھی شامل ہیں جو گزشتہ کئی برسوں سے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے سہ ماہی بنیادوں پر مالی امداد حاصل کرتی رہی ہیں۔

بقیہ 21

اپنے محکمے کی کارکردگی اور مسائل سے آگاہ کیا، ڈویژنل کمشنر اور صوبائی پارلیمانی سیکرٹری نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر (ڈی ایچ کیو) ہسپتال برشور اور علاقے کے مختلف اسکولوں کا بھی دورہ کیا، انہوں نے ہسپتال میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی اور عملے کی حاضری کا جائزہ لیا، جبکہ اسکولوں کے دورے کے دوران تعلیمی معیار، اساتذہ کی حاضری اور بنیادی ڈھانچے کا معائنہ کیا، بعدازاں، انہوں نے ضلع میں جاری دیگر مختلف ترقیاتی اسکیموں کا موقع پر معائنہ کیا اور کام کے معیار کا جائزہ لیا، ڈویژنل کمشنر اور پارلیمانی سیکرٹری نے ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے برشور کی پسماندگی دور کرنے اور اسے ایک ترقی یافتہ ضلع بنانے کے پختہ عزم کا اعادہ کیا، قائم خان لاشاری اور اسفند یار خان کاکڑ نے عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کھلی کچہریوں کے تواتر سے انعقاد کو سراہتے ہوئے کہا کہ عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولیات کی فراہمی آفسران کی اولین ترجیح ہونا چاہیے، انہوں نے متعلقہ حکام کو سخت ہدایات جاری کیں کہ تمام جاری منصوبوں کو شفافیت کے ساتھ مقررہ وقت پر مکمل کیا جائے تاکہ عوام ان کے حقیقی ثمرات سے مستفید ہو سکیں۔

بقیہ 22

نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ترقیاتی کاموں میں مزید تیزی لائی جائے اور تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ کیے بغیر منصوبے کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ماڈل بازار کو جلد از جلد فعال بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں تاکہ عوام کو خرید و فروخت کے لیے بہتر ماحول، صفائی ستھرائی اور منظم تجارتی سہولیات میسر آ سکیں۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ریلیف دینے کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے [illegible] عوامی مفاد کے ترقیاتی منصوبوں میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 23

ادویات کے اسٹاک، نیوٹریشن سینٹر اور ڈائیلاسز وارڈ کا خصوصی معائنہ کیا اور متعلقہ عملے سے دستیاب سہولیات، ادویات کی فراہمی اور انتظامی امور کے بارے میں بریفنگ لی۔ اس موقع پر انہوں نے ہدایت کی کہ ہسپتال میں طبی سہولیات کی بہتری، ادویات کی دستیابی اور مریضوں کو بروقت معیاری علاج کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ صحت کے شعبے میں عوام کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنا حکومت بلوچستان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 24

بجھانے میں بھی پاک فوج کردار ادا کر رہی ہے، ہماری خواہش تھی کہ دیے گئے مینڈیٹ کے مطابق کام کیا جاتا، وفاقی حکومت نے مشکل فیصلے کیے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ لانگ مارچ الٹی سمت سے شروع کیا گیا تھا، وزیراعلیٰ صوبہ چھوڑ کر کبھی کراچی اور کبھی لاہور میں مصروف رہے، خیبر پختونخوا کے عوام نے 11 اکتوبر کو جشن منایا، عوام کہتے ہیں کہ اچھا ہوا ہمیں نجات مل گئی۔ ان کا کہنا تھا کہ عمران خان کی حکومت میں تمام اداروں کا سامنا کیا اور اپنی بے گناہی ثابت کی، خیبر پختونخوا کے عوام پنجاب جیسی سہولیات کا مطالبہ کر رہے ہیں، صوبے میں امن اور ترقی کے لیے سب مل کر کام کریں گے۔ اقلیتی برادری سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے امیر مقام نے کہا کہ پاکستان کے قیام میں اقلیتی برادری کی بھی بڑی قربانیاں شامل ہیں، اقلیتی برادری کو عزت اور احترام دینا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پر جتنا حق ہمارا ہے اتنا ہی اقلیتی برادری کا بھی ہے، اقلیتی برادری کے تمام مسائل حل کرنے کے لیے اقدامات کریں گے۔

بقیہ 25

کے حوالے سے سروے اور ریکارڈ مرتب کرنے کا عمل جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر خالد خان نے ہدایت کی کہ گرداوری کے عمل میں تمام ضروری امور کو مدنظر رکھا جائے اور فصلات سے متعلق درست معلومات اور اعداد و شمار سرکاری ریکارڈ کا حصہ بنائے جائیں تاکہ مستقبل میں زرعی منصوبہ بندی اور انتظامی امور کو بہتر انداز میں آگے بڑھایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری محصولات اور واجبات کی وصولی ضلعی انتظامیہ کی اہم ذمہ داری ہے، اس لیے متعلقہ افسران اپنی ذمہ داریاں پوری تندہی اور دیانت داری کے ساتھ انجام دیں اور واجبات کی وصولی کے لیے موثر اقدامات اٹھائیں۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ گرداوری کے دوران کسی قسم کی غفلت، لاپرواہی یا غیر ضروری تاخیر کا مظاہرہ نہ کیا جائے اور تمام متعلقہ امور کی باقاعدگی سے نگرانی کرتے ہوئے مقررہ اہداف کے حصول کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 26

تمام متعلقہ اداروں اور عملے کو پوری لگن، محنت اور ذمہ داری کے ساتھ اپنے فرائض انجام دینا ہوں گے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ مہم کے دوران CoverageDaySame کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطروں سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ تمام ویکسینیٹرز اپنی مقررہ یونین کونسلز میں بروقت موجود رہیں اور فیلڈ میں اپنی ذمہ داریاں پوری توجہ کے ساتھ ادا کریں۔ لائن ڈیپارٹمنٹس کے مانیٹرز مہم کے دوران ٹیموں کی کارکردگی کی سخت نگرانی کریں، فیلڈ وزٹس کو یقینی بنائیں اور کسی بھی قسم کی کوتاہی یا غفلت کی صورت میں فوری رپورٹ کریں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پولیو کا خاتمہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، اس قومی فریضے میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ تمام متعلقہ محکمے باہمی رابطے اور موثر حکمت عملی کے تحت کام کریں تاکہ مقررہ ہدف کا سو فیصد حصول ممکن بنایا جا سکے۔ انہوں نے محکمہ صحت، ڈبلیو ایچ او، آئی ایس ڈی، آغا خان یونیورسٹی اور دیگر متعلقہ اداروں کے نمائندوں پر زور دیا کہ وہ مہم کی کامیابی کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں اور فیلڈ میں ٹیموں کو درپیش مسائل فوری طور پر حل کریں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق پولیو سے پاک بلوچستان کے قیام اور بچوں کے محفوظ و صحت مند مستقبل کے لیے انسداد پولیو مہم کو کامیاب بنانا حکومت بلوچستان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 27

اور عوام کے لیے گھر ہو یا دفتر دروازے کھلے رکھے ہوئے ہیں علاقے سے عوام باآسانی آکر مجھ سے نہ صرف ملتے ہیں بلکہ ان کے کام ہو کر اپنے علاقے چلے جاتے ہیں ہم منتخب نمائندے ہے اور جمہوریت پر یقین رکھتے ہیں موجودہ وفاقی حکومت نے وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں جس طرح خارجہ و داخلہ حوالے سے کامیابی حاصل کی ہے اس کی مثال نہیں ملتی ملک اور خاص کر بلوچستان میں بھارت اپنے مذموم مقاصد استعمال کر کے حالات خراب کرنے کے لیے سازشوں میں مصروف ہے اس طرح سازشیں نہ پہلے کامیاب ہوئے اور نہ آئندہ کامیاب ہوں گے آئے روز ہمارے سیکورٹی ادارے جانوں کا نذرانہ دیکر بیرونی مداخلت کو نہ صرف بے نقاب بلکہ ناکام بنا کر فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں کو ہلاک کرتے ہیں۔

بقیہ 28

ہزار بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ مہم ڈویژن کی 64 یونین کونسلز میں جاری رہے گی، جس کے لیے محکمہ صحت کی ٹیمیں گھر گھر جا کر پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں گی۔ کمشنر سبی ڈویژن عرفان اللہ خان نے اس موقع پر علمائے کرام، قبائلی معتبرین، والدین اور معاشرے کے تمام طبقات سے اپیل کی کہ وہ انسداد پولیو مہم کو کامیاب بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور اپنے پانچ سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو پولیو سے بچائو کے قطرے ضرور پلوائیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیو کا خاتمہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے اور ہر بچے کو پولیو سے محفوظ بنانا قومی فریضہ ہے۔ کمشنر نے مزید کہا کہ مہم کے دوران پولیو ٹیموں کی حفاظت اور موثر انداز میں فرائض کی انجام دہی کے لیے سیکورٹی کے بہترین انتظامات کیے جائیں گے تاکہ تمام علاقوں میں مہم کو بلاتعطل جاری رکھتے ہوئے مقررہ ہدف حاصل کیا جا سکے وزیراعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق پولیو سے پاک بلوچستان اور صحت مند مستقبل کی تشکیل کے لیے انسداد پولیو مہم کو موثر اور کامیاب بنانا حکومت بلوچستان کی ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 29

متاثرین کو معاوضوں کی ادائیگی کے لیے جی ڈی اے مطلوبہ رقم ضلعی انتظامیہ کے حوالے کر چکی ہے، تاہم تاحال معاوضوں کی ادائیگی نہ ہونے کے باعث منصوبے پر کام تاخیر کا شکار ہے۔ اس موقع پر ایم پی اے گوادر نے یقین دہانی کرائی کہ وہ اس معاملے کو ضلعی انتظامیہ کے ساتھ اٹھائیں گے تاکہ متاثرین کو معاوضوں کی ادائیگی اور تعمیراتی کام کی تکمیل ممکن بنائی جا سکے۔ ملاقات میں چیئرمین تحصیل میونسپل کمیٹی ماجد جوہر کی تجویز پر اولڈ ٹاؤن میں ایک لاکھ مربع فٹ ٹف ٹائلز کی تنصیب کے نئے منصوبے، 50 ہزار گیلن گنجائش کے سیپٹک ٹینک کی تعمیر اور مزید گلیوں میں واٹر ڈسٹری بیوشن لائنز بچھانے کی تجاویز بھی پیش کی گئیں، جن پر ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے نے غور کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ اس موقع پر شہر میں آوارہ مویشیوں کی آزادانہ نقل و حرکت، ان کے باعث پھیلنے والی گندگی، شہری ماحول کی خرابی اور جی ڈی اے کی جانب سے لگائے گئے قیمتی درختوں اور پودوں کو چرائی کے ذریعے پہنچنے والے نقصان کا معاملہ بھی زیر بحث آیا۔ اس مسئلے کی روک تھام کے لیے موثر اقدامات اور متعلقہ عناصر کے خلاف کارروائی کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ ملاقات میں پانی کے نادہندگان اور واجبات کی عدم ادائیگی کا معاملہ بھی زیر غور آیا۔ اس سلسلے میں عوامی نمائندوں کے تعاون سے شہریوں میں آگاہی مہم شروع کرنے، انہیں پانی کے بلوں کی بروقت ادائیگی کی ترغیب دینے اور بقایاجات کی وصولی کے لیے مشترکہ کوششیں کرنے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں جی ڈی اے کی جانب سے اولڈ ٹاؤن میں جاری نئے سیوریج منصوبے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس حوالے سے اولڈ ٹاؤن بحالی ٹیم کو منصوبے کی مسلسل نگرانی، تعمیراتی کام کے معیار کو یقینی بنانے اور کام کی رفتار بہتر بنانے کے لیے ضروری اقدامات کرنے پر زور دیا گیا۔

بقیہ 30

مولانا کے لیے اسعد کی طرح ہیں، ان کے بیٹے اسد کی جگہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رات کو مجھے ایک ملعونہ کا میسج آیا کہ تمہارے شناختی کارڈ پر تو لکھا ہوا ہے محمد صفدر ولد محمد اسحاق تو مولانا فضل الرحمٰن کہاں سے آ گیا؟ میں نے کہا کہ تم کسی دارالعلوم میں پڑھتی تو تمہارا جسم تمہاری مرضی نہ ہوتی۔ کیپٹن (ر) صفدر نے کہا کہ تمہیں کوئی بتاتا کہ جو تمہیں جنم دے، جس نے بیٹی دی اور جس نے تعلیم دی، وہ تینوں روز محشر ایک تخت پر بیٹھے ہوں گے، تینوں تمہارے والد کی طرح ہیں۔

بقیہ 31

کے نرخ چیک کیے اور دکانداروں کی جانب سے سرکاری طور پر جاری کردہ نرخنامے پر عملدرآمد کا معائنہ کیا اس موقع پر اشیائے ضروریہ کی مقررہ قیمتوں پر فروخت قیمتوں میں خود ساختہ اضافے اور ناجائز منافع خوری کی روک تھام کے حوالے سے بھی صورتحال کا جائزہ لیا گیا تحصیلدار نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ وہ اپنی دکانوں پر سرکاری نرخنامہ نمایاں جگہ پر آویزاں کریں اور تمام اشیائے خورد و نوش مقررہ سرکاری نرخوں کے مطابق فروخت کریں تاکہ عوام کو روزمرہ استعمال کی ضروری اشیاء مناسب قیمتوں پر دستیاب ہو سکیں انہوں نے واضح کیا کہ صارفین سے زائد قیمتیں وصول کرنے مصنوعی مہنگائی پیدا کرنے اور ناجائز منافع خوری کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی انہوں نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے اور مارکیٹ میں قیمتوں کو کنٹرول میں رکھنے کے لیے باقاعدگی سے بازاروں کی نگرانی کر رہی ہے اس سلسلے میں پرائس کنٹرول اقدامات کو موثر بنانے کے لیے معائنوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا اور خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی ضلعی انتظامیہ نے دکانداروں سے اپیل کی ہے کہ وہ انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں اور عوامی مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے اشیائے ضروریہ کی فروخت میں مقررہ نرخوں کی پابندی یقینی بنائیں۔

بقیہ 32

فورم سے خطاب بھی کریں گے۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ وزیراعظم اپنے دورہ کے دوران روسی صدر ولادیمیر پیوٹن سے ملاقات بھی کریں گے۔

بقیہ 33

مثبت اقدامات اور باہمی تعاون ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ انجینئر محبوب بلوچ کے ساتھ محکمانہ امور میں تعاون اور ادارے کی بہتری کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رہنی چاہئیں۔ زراعت کا شعبہ صوبے کی معیشت اور عوام کے روزگار سے وابستہ ہے، اس لیے اس کی ترقی کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ صادق بنگلزئی اور اسرار دینارزئی نے امید ظاہر کی کہ ڈی جی زراعت انجینئر محبوب بلوچ کسانوں کی فلاح و بہبود اور محکمہ زراعت کی مزید بہتری کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔

بقیہ 34

چھوٹے واٹر ٹینکس اور 12 چھوٹے بڑے واٹر پمپنگ اسٹیشنز بھی اس بنیادی ڈھانچے کا حصہ ہیں جبکہ شہری صفائی اور نکاسی آب کے لیے تقریباً 30 کلومیٹر سیوریج لائنز، 23 کلومیٹر ڈرینج لائنز اور سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹس کے منصوبے شامل ہیں۔ کھیلوں اور تفریحی سہولیات میں ایک کرکٹ اسٹیڈیم، دو فٹبال اسٹیڈیمز، دو فٹبال گراؤنڈز، ایک اسپورٹس کمپلیکس، دو فٹسال گراؤنڈز، ایک والی بال گراؤنڈ اور تین [illegible] شامل ہیں۔

بقیہ 35

میں تھانہ برنگ کی حدود میں قائم سیلئی پٹی پولیس پوسٹ پر رات گئے نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کر دیا۔ حملے کے دوران پولیس اہلکار خائستہ مین سید نے جوانمردی اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے حملہ آوروں کا مقابلہ کیا، تاہم شدید فائرنگ کے نتیجے میں وہ شہید ہوگئے۔ دوسری جانب ضلع لکی مروت کے علاقے شہباز خیل میں موٹرسائیکل پر سوار نامعلوم مسلح افراد نے پولیس کانسٹیبل کو نشانہ بناتے ہوئے اندھا دھند فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں پولیس اہلکار موقع پر ہی شہید ہوگئے۔ پولیس حکام کے مطابق واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اہلکاروں نے فوری کارروائی کرتے ہوئے حملہ آوروں کا تعاقب شروع کردیا۔ اس دوران پولیس اور مسلح افراد کے درمیان فائرنگ کا شدید تبادلہ ہوا، جس کے نتیجے میں دونوں حملہ آور ہلاک ہوگئے۔ دونوں واقعات کے بعد متعلقہ علاقوں میں سیکیورٹی مزید سخت کردی گئی ہے، جبکہ واقعات سے متعلق مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 36

کے سرکاری اداروں کی باقاعدہ نگرانی، خدمات کی بہتری اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 37

کے مطابق الاسکا کے ری پبلکن گورنر مائیک ڈنلیوی نے ان الزامات کی تحقیقات کا حکم دے دیا ہے، نیویارک ٹائمز کی رپورٹ میں دعوی کیا گیا تھا کہ ڈیموکریٹک امیدوار میری پیلٹولا کی انتخابی ٹیم نے ری پبلکن سینیٹر ڈین سلیوان کے ووٹ تقسیم کرنے کے لیے دو امیدواروں کو میدان میں اتارنے کی کوشش کی جن میں ایک امیدوار کا نام بھی ڈین سلیوان ہے۔ میری پیلٹولا کی انتخابی مہم نے ان دونوں امیدواروں سے کسی قسم کے تعلق کی تردید کی ہے جبکہ ڈیموکریٹک سینیٹ مہم کمیٹی نے بھی ان الزامات کو مسترد کردیا ہے۔ دوسری جانب ری پبلکن رہنماؤں نے ڈیموکریٹس پر انتخابی عمل کو متاثر کرنے کی کوشش کا الزام عائد کیا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھی میری پیلٹولا کی انتخاب لڑنے کی اہلیت پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا ہے کہ انہیں انتخاب میں حصہ لینے کی اجازت دینا غیر منصفانہ ہوگا۔ ٹرمپ اس سے قبل محکمہ انصاف پر زور دے چکے ہیں کہ وہ الاسکا کے حکام کو پیلٹولا کی ممکنہ کامیابی کی باضابطہ توثیق سے روکنے کے لیے قانونی کارروائی کرے۔ انتخابی قانون کے ماہرین کے مطابق محض کسی امیدوار کو ووٹ تقسیم کرنے کے مقصد سے میدان میں لانا غیر قانونی نہیں۔

بقیہ 38

رفت سے ضلع گوادر کے اہل نوجوانوں کو سرکاری ملازمتوں کے مواقع میسر آئیں گے، جبکہ محکمہ زراعت میں مقامی افرادی قوت کی شمولیت سے زرعی خدمات اور توسیعی سرگرمیوں کو مزید موثر بنانے میں بھی مدد ملے گی۔

بقیہ 39

پائلٹ اور 5 مسافر موجود تھے۔ اترا کھنڈ کے وزیراعلیٰ پشکر سنگھ دھمی نے بتایا کہ ان کے دفتر کو موصول ہونے والی اطلاعات کے مطابق ہیلی کاپٹر حادثہ جوشی مت کے علاقے میں قریبی گاؤں میں پیش آیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ضلعی انتظامیہ، ڈیزاسٹر مینجمنٹ ٹیموں اور علاقے میں موجود فوجیوں کی جانب سے مشترکہ طور پر امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ جائے وقوع پر امدادی کارروائیاں جاری ہیں تاہم ہیلی کاپٹر پر سوار افراد کی حالت کے حوالے سے واضح اطلاعات نہیں ہیں۔ بی بی سی کی رپورٹ میں بتایا گیا کہ ہیلی کاپٹر حادثے کی حتمی وجوہات کا تعین نہیں کیا جا سکا تاہم علاقے میں شدید بارش اور حد نگاہ متاثرہ ہو رہی ہے اور اسی دوران یہ حادثہ پیش آیا ہے۔ بھارتی ٹی وی چینلز کے مطابق امدادی ٹیموں کو جائے وقوع کی طرف بھیج دیا گیا ہے جہاں آگ اور دھوئیں کے بادل نظر آرہے ہیں۔

بقیہ 40

واضح انکاری ہے۔ جمال الدین رشتیا نے کہا کہ اے این پی عدالتوں اور آئین کی بالادستی پر کامل یقین رکھتی ہے، تاہم اصغر خان کے مقدمے کے حوالے سے تشویش دن بہ دن بڑھتی جا رہی ہے کیونکہ موجودہ صورتحال میں میرٹ اور انصاف کے تقاضے پورے ہوتے دکھائی نہیں دے رہے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ اس ناانصافی اور مجموعی سیاسی صورتحال کے پیش نظر 6 نومبر کو ایک آل پارٹیز کانفرنس (اے پی سی) منعقد کی جا رہی ہے، جس میں تمام سیاسی جماعتوں، وکلا برادری اور انجمن تاجران کو باقاعدہ دعوت دی جائے گی۔ اس کانفرنس میں آئندہ کے مشترکہ لائحہ عمل کا حتمی فیصلہ کیا جائے گا۔ رہنماؤں نے واضح کیا کہ اے این پی باچا خان کے عدم تشدد کے فلسفے پر یقین رکھتی ہے اور اپنے حقوق کے لیے پرامن آئینی جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ 41

حض حقائق سے توجہ ہٹانے کی ایک کوشش ہے۔ بظاہر یہ پریس کانفرنس وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ایما پر کی گئی، جس میں من گھڑت باتوں اور سیاسی پروپیگنڈے کے ذریعے اصل مسئلے کو دبانے کی کوشش کی گئی۔ ترجمان نے کہا کہ سرفراز بگٹی مسلسل یہ دعوی کر رہے ہیں کہ وہ کوہلو کے معاملات میں کوئی مداخلت نہیں کر رہے، لیکن سوال یہ ہے کہ اگر مداخلت نہیں ہو رہی تو پھر کوہلو کے ترقیاتی اور انتظامی فیصلے بیک ڈور، بیکڑ یا وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں کیوں کیے جا رہے ہیں؟ ایک غیر منتخب شخص نصیب اللہ مری محکمہ سپورٹس اور محکمہ جنگلات سمیت مختلف محکموں کے تقرری و تعیناتی کے احکامات کوہلو میں آ کر تقسیم کرے تو اسے مداخلت کے سوا کیا نام دیا جائے؟ کیا یہی میرٹ، شفافیت اور اختیارات کی آئینی حدود کا احترام ہے؟ یہ تمام معاملات وزیر اعلیٰ کے مداخلت نہ کرنے کے دعوں کی خود نفی کرتے ہیں۔

بقیہ 42

احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی اہمیت سے آگاہ کیا ان کہنا تھا کہ اس اقدام کا بنیادی مقصد دور افتادہ علاقوں کے مالداروں کو ان کی دہلیز پر مفت ویٹرنری خدمات فراہم کرنا، مویشیوں کے تحفظ بیماریوں کی بروقت تشخیص و تدارک اور مالدار طبقے کے معاشی اثاثوں کو محفوظ بنانا ہے۔

بقیہ 43

مریضوں کو علاج معالجے کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ حکومت کی کوشش ہے کہ کسی بھی شہری کو مالی مشکلات کے باعث علاج سے محروم نہ رہنا پڑے اور غریب و مستحق مریضوں کو بروقت طبی امداد فراہم کی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں صحت کی سہولیات کی فراہمی خصوصی اہمیت رکھتی ہے۔ صوبے کے مختلف اضلاع میں طبی مراکز کو فعال بنانے، ہسپتالوں میں ضروری سہولیات کی دستیابی اور عوام کو علاج معالجے کے لیے درپیش مشکلات کم کرنے پر توجہ دی جا رہی ہے۔ عوام کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریاں موثر انداز میں ادا کرنا ہوں گی۔ بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کو ادویات، تشخیصی ٹیسٹ، طبی آلات اور دیگر ضروری سہولیات کی فراہمی کو بہتر بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بقیہ 44

کہا کہ گورنمنٹ انٹر کالج سنجاوی کے طلباء کو سفری مشکلات کا سامنا تھا، جس کے پیش نظر گورنمنٹ آف بلوچستان کے خصوصی تعاون سے کالج کیلئے بس کی منظوری حاصل کی گئی ہے۔ اس اقدام سے طلباء کو کالج آنے جانے میں آسانی ہوگی اور انہیں محفوظ اور بہتر سفری سہولت میسر آئے گی صوبائی وزیر نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ سنجاوی سمیت حلقے کے تمام علاقوں میں تعلیمی اداروں کو درکار بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں نوجوان نسل ہمارا قیمتی سرمایہ ہے اور ان کی بہتر تعلیم و تربیت ہی روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ حکومت بلوچستان تعلیمی شعبے کی بہتری، تعلیمی اداروں کی ضروریات پوری کرنے اور طلباء کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے انہوں نے مزید کہا کہ عوامی مسائل کا حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی ہماری ذمہ داری ہے، بالخصوص تعلیم اور صحت کے شعبوں میں کسی قسم کی کوتاہی نہیں برتی جائے گی ان شاء اللہ سنجاوی اور دیگر علاقوں میں ترقیاتی و تعلیمی منصوبوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا تاکہ علاقے کے نوجوانوں کو اپنے ہی علاقے میں معیاری تعلیم کے بہتر مواقع میسر آ سکیں آخر میں کالج انتظامیہ کی جانب سے صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ اور حکومت بلوچستان کا طلباء کیلئے بس کی فراہمی پر شکریہ ادا کیا گیا۔

بقیہ 45

خالد نذیر اسپننگ لمیٹڈ کی جانب سے دائر ٹیکس ریفرنس منظور کرتے ہوئے اپیلٹ ٹریبونل ان لینڈ ریونیو کا اپیل ناقابل سماعت قرار دینے کا فیصلہ کالعدم کر دیا۔ جسٹس خالد اسحاق اور جسٹس محمد عثمان غنی راشد چیمہ پر مشتمل بینچ کا 20 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جسٹس عثمان غنی راشد چیمہ نے جاری کیا۔

بقیہ 46

سہارا لے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر داخلہ کو پہلے اپنے ملک کے داخلی حالات امن و امان اور انتظامی مسائل پر توجہ دینی چاہیے اس کے بجائے وہ ایران امریکہ جنگ بندی جیسے بین الاقوامی معاملات میں کردار ادا کرنے کے دعوے کر رہے ہیں۔ جو وزیر اپنے ملک کے حالات پر قابو پانے کے لیے اقدامات نہ کر سکے اسے عالمی سطح کے پیچیدہ معاملات میں کردار ادا کرنے کے دعوے زیب نہیں دیتے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر موصوف کی بلوچستان سے متعلق سابقہ بڑھکیں اور دعوے بھی عوام کے سامنے ہیں۔

بقیہ 47

رائے پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ انھوں نے زور دیا کہ فوری طور پر ایک جامع معاہدہ ممکن نہیں، تاہم دشمنی میں وقفہ پیدا کر کے مزید مذاکرات اور نئے علاقائی انتظامات کی تشکیل کے لیے راہ ہموار کی جا سکتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس وقت مقصد یہ ہے کہ فریقین پہلے کشیدگی کی شدت کم کریں، پھر خطے کے ممالک کو موقع دیا جائے کہ وہ اپنی رفتار اور حالات کے مطابق زیادہ پائیدار حل تلاش کرنے کی کوشش کریں۔ باراک نے کہا کہ فوجی طاقت کا استعمال ایک ایسا معاملہ ہے جسے امریکی صدر اور حکومت کے دیگر عہدیدار انتہائی سنجیدگی سے لیتے ہیں، لیکن اس وقت تمام ممکنہ متبادل راستے اختیار کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے تاکہ ایسی کسی کارروائی سے بچا جا سکے۔

بقیہ 48

درمیان کشیدگی کا خاتمہ باہمی تعاون اور مشترکہ مفادات کے تحفظ سے ہی ممکن ہے۔ حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ صیہونیت امت مسلمہ کے اختلافات سے فائدہ اٹھا کر مسلمانوں کو ایک دوسرے کے خلاف کھڑا کرنا چاہتی ہے، لہٰذا ہمیں مسلمانوں کو آپس میں لڑانے کی دشمن کی سازش کو ناکام بنانا ہوگا، مسلمان سکالرز کی ذمہ داری ہے کہ وہ مسلم عوام اور حکمرانوں کو مشکلات سے نکالنے کے لیے واضح لائحہ عمل دیں۔

بقیہ 49

اطلاعات کی تردید کی ہے جن میں واقعہ کو مختلف رنگ دیا جا رہا ہے۔ دوسری جانب وزیراعظم آزاد کشمیر نے حادثے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے، انہوں نے سوشل میڈیا پر واقعہ کو متنازعہ رنگ دینے اور مبینہ پروپیگنڈے کی مذمت کرتے ہوئے اسے افسوسناک اور قابل مذمت عمل قرار دیا۔

بقیہ 50

بچوں کو محفوظ رکھنے کے لیے بروقت پولیو ویکسین کے قطرے پلانا انتہائی ضروری ہے۔ والدین اپنے پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو ہر انسداد پولیو مہم کے دوران پولیو سے بچاؤ کے قطرے لازمی پلوائیں، خواہ ان کے بچوں کو پہلے بھی متعدد مرتبہ ویکسین کیوں نہ پلائی جا چکی ہو۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں، اپنے گھروں میں آنے والے پولیو ورکرز کو خوش آمدید کہیں اور اس بات کو یقینی بنائیں

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی ژوب

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ

ATC مقدمہ نمبر 11/26 مقدمہ فرد نمبر 05/26 سرکار بنام:۔ حافظ صدیق وغیرہ

بجرم زیر دفعہ 11000, (i) 7 ATA 7, (B) 7, (H) 7 (3) G,6 CTD ژوب

ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ ملزم محمد شاہ ولد تعویز خان جرم بالا جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوئے ہیں (یا ان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو کہ اس امر نالش کے جاری ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ ملزم مذکورہ بالا دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکورہ بالا مفرور ہے یا اس نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ تم ملزم بالا کو لازم ہے کہ بتاریخ 27-11-2026 عدالت ہذا بمقام ژوب نالش مذکورہ کی قلمبندی کیلئے حاضر ہوں۔

اسپیشل جج انسداد دھشتگردی
/ سیشن جج ژوب

PRQ No 2195/30-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی ژوب

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ

ATC مقدمہ نمبر 11/26 مقدمہ فرد نمبر 05/26 سرکار بنام:۔ حافظ صدیق وغیرہ

بجرم زیر دفعہ 11000, (i) 7 ATA 7, (B) 7, (H) 7 (3) G,6 CTD ژوب

ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ ملزم [illegible] جرم بالا جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوئے ہیں (یا ان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو کہ اس امر نالش کے جاری ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ ملزم مذکورہ بالا دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکورہ بالا مفرور ہے یا اس نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ تم ملزم بالا کو لازم ہے کہ بتاریخ 27-11-2026 عدالت ہذا بمقام ژوب نالش مذکورہ کی قلمبندی کیلئے حاضر ہوں۔

اسپیشل جج انسداد دھشتگردی
/ سیشن جج ژوب

PRQ No 2194/30-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی ژوب

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ

ATC مقدمہ نمبر 11/26 مقدمہ فرد نمبر 05/26 سرکار بنام:۔ حافظ صدیق وغیرہ

بجرم زیر دفعہ 11000, (i) 7 ATA 7, (B) 7, (H) 7 (3) G,6 CTD ژوب

ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ ملزم [illegible] جرم بالا جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوئے ہیں (یا ان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو کہ اس امر نالش کے جاری ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ ملزم مذکورہ بالا دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکورہ بالا مفرور ہے یا اس نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ تم ملزم بالا کو لازم ہے کہ بتاریخ 27-11-2026 عدالت ہذا بمقام ژوب نالش مذکورہ کی قلمبندی کیلئے حاضر ہوں۔

اسپیشل جج انسداد دھشتگردی
/ سیشن جج ژوب

PRQ No 2193/30-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی ژوب

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ

ATC مقدمہ نمبر 11/26 مقدمہ فرد نمبر 05/26 سرکار بنام:۔ حافظ صدیق وغیرہ

بجرم زیر دفعہ 11000, (i) 7 ATA 7, (B) 7, (H) 7 (3) G,6 CTD ژوب

ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ ملزم [illegible] جرم بالا جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوئے ہیں (یا ان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو کہ اس امر نالش کے جاری ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ ملزم مذکورہ بالا دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکورہ بالا مفرور ہے یا اس نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ تم ملزم بالا کو لازم ہے کہ بتاریخ 27-11-2026 عدالت ہذا بمقام ژوب نالش مذکورہ کی قلمبندی کیلئے حاضر ہوں۔

اسپیشل جج انسداد دھشتگردی
/ سیشن جج ژوب

PRQ No 2192/30-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ

بروز ہفتہ 31 اکتوبر 2026ء

کوئٹہ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان لینڈ ایویلوایشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ڈی جی زراعت انجینئر محبوب بلوچ کی خدمات قابلِ تحسین ہیں، صادق بنگلزئی

محکمہ زراعت کی ترقی اور کسانوں کی فلاح و بہبود کے لیے ان کی کوششیں قابل قدر ہیں، مشترکہ بیان

کوئٹہ (یو این اے) صادق بنگلزئی اور اسرار دینارزئی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ڈی جی زراعت انجینئر محبوب بلوچ محکمہ زراعت کی بہتری اور ترقی کے لیے اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ زراعت کی ترقی، کسانوں کے مسائل کے حل اور زراعت کے شعبے کو مزید بہتر بنانے کے لیے مثبت اقدامات اور باہمی تعاون ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ انجینئر محبوب بلوچ کے ساتھ محکمانہ امور میں تعاون اور اداروں کی بہتری کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رہنی چاہئیں۔ زراعت کا شعبہ صوبے کی معیشت اور عوام کے روزگار سے وابستہ ہے، اس لیے اس کی ترقی کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ صادق بنگلزئی اور اسرار دینارزئی نے امید ظاہر کی کہ ڈی جی زراعت انجینئر محبوب بلوچ کسانوں کی فلاح و بہبود اور محکمہ زراعت کی مزید بہتری کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔ کہ محکمہ زراعت کی ترقی، کسانوں کے مسائل کے حل اور زراعت کے شعبے کو مزید بہتر بنانے کے لیے

(بقیہ 33 اندرونی صفحہ 3 پر)

گوادر میں دو دہائیوں کے دوران 253 کلومیٹر سڑکیں تعمیر

پانی، سیوریج، کھیلوں، پارکس اور شہری سہولیات کے متعدد منصوبے مکمل

گوادر (خ ن) صوبائی حکومت بلوچستان کے ترقیاتی وژن کے تحت ادارہ ترقیات گوادر کی نگرانی میں گزشتہ دو دہائیوں سے زائد عرصے کے دوران گوادر کی تعمیر و ترقی، جدید شہری منصوبہ بندی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے مختلف شعبوں میں نمایاں اقدامات کیے گئے ہیں۔ ان منصوبوں میں سڑکوں کی تعمیر و بحالی، پانی کی فراہمی، سیوریج و نکاسی آب، کھیلوں کے میدان، پارکس، سرکاری عمارتیں، ساحلی تحفظ، ماہی گیری کی سہولیات، تاریخی ورثے کی بحالی، شجرکاری اور اسٹریٹ لائٹنگ شامل ہیں۔ صوبائی حکومت کی ترقیاتی وژن کے تحت گوادر کے ترقیاتی منصوبوں میں تقریباً 253 کلومیٹر سڑکوں کی تعمیر و ترقی، 23 کلومیٹر سڑکوں اور گلیوں کی تعمیر و بحالی، 300 کلومیٹر واٹر ڈسٹری بیوشن لائنز اور 150 کلومیٹر مین واٹر ٹرانسمیشن لائنز شامل ہیں۔ پانی ذخیرہ کرنے کے لیے چار بڑے زیر زمین ٹینکس، جن کی مجموعی گنجائش ایک کروڑ گیلن بتائی گئی ہے، آٹھ

(بقیہ 34 اندرونی صفحہ 3 پر)

گوادر میں مالداروں کے لیے مفت ویٹرنری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

زیارت مچھی اور گردونواح میں سینکڑوں مویشیوں کا مفت علاج اور حفاظتی ویکسینیشن

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ اور ضلعی انتظامیہ کی خصوصی تعاون سے محکمہ امور حیوانات گوادر کی جانب سے ڈسٹرکٹ لائیو اسٹاک آفیسر ڈاکٹر صابر علی کی نگرانی میں زیارت مچھی اور گردونواح کے علاقوں میں مفت ویٹرنری موبائل میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا، جس کے دوران سینکڑوں مویشیوں کا مفت طبی معائنہ، علاج اور مختلف وبائی امراض سے بچاؤ کے لیے حفاظتی ویکسینیشن کی گئی۔ کیمپ میں مالداروں کو مفت ویٹرنری ادویات فراہم کرنے کے علاوہ جانوروں کی بہتر نگہداشت، متوازن خوراک، بروقت علاج اور متعدی بیماریوں سے بچاؤ کے حوالے سے آگاہی بھی دی گئی اس موقع پر محکمہ امور حیوانات کے عملے نے مالداروں کو جانوروں کی صحت، پیداوار میں اضافے اور مویشیوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لیے

(بقیہ 42 اندرونی صفحہ 3 پر)

عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں، وزیر صحت

بلوچستان میں صحت کی سہولیات کی بہتری، مفت علاج کی فراہمی اور عوامی مسائل کا حل ہماری اولین ترجیح ہے، بخت محمد کاکڑ

سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولیات کی فراہمی، علاج معالجے کے معیار میں بہتری اور غریب مریضوں کو ریلیف دینے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جارہے ہیں

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے کے عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی، سرکاری ہسپتالوں میں علاج معالجے کے نظام کو بہتر بنانے، مستحق مریضوں کو مفت علاج کی سہولت فراہم کرنے اور عوام کو درپیش صحت کے مسائل کے حل حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ صحت مند معاشرہ ہی ترقی، خوشحالی اور بہتر مستقبل کی ضمانت ہے، اس لیے حکومت بلوچستان عوام کو ان کی دہلیز پر طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ اپنے ایک بیان میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبے کے طبی نظام کو بہتر بنانے، سرکاری ہسپتالوں میں جدید طبی سہولیات کی فراہمی اور

(بقیہ 43 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، جے یو آئی بلوچستان کا اہم مشترکہ اجلاس یکم نومبر کو طلب

صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع صدارت کریں گے، صوبائی مجلس عاملہ اور پارلیمانی اراکین شرکت کریں گے

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے جے یو آئی کی صوبائی مجلس عاملہ اور صوبائی اسمبلی کے پارلیمانی اراکین کا ایک اہم مشترکہ اجلاس یکم نومبر کو صبح 10 بجے طلب کرلیا ہے۔ ترجمان کے مطابق یہ مشترکہ اجلاس کوئٹہ کے علاقے جناح ٹاؤن میں واقع جے یو آئی کے صوبائی سیکریٹریٹ میں منعقد ہوگا، جس کی صدارت صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع کریں گے۔ اجلاس میں صوبے کی موجودہ سیاسی صورتحال، آئندہ کی حکمت عملی، تنظیمی امور اور صوبائی اسمبلی کے اندر اور باہر جماعتی موقف کے حوالے سے اہم فیصلوں اور مشاورت کی توقع ہے۔ تمام متعلقہ اراکین عاملہ اور پارلیمانی اراکین کو وقتِ مقررہ پر شرکت یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔

2 نومبر سے شروع ہونے والی انسدادِ پولیو مہم کے لیے تمام تر تیاریاں مکمل

علما، اساتذہ اور قبائلی نمائندین بچوں کے محفوظ مستقبل کے لیے آگاہی پھیلائیں، پولیو کا خاتمہ مشترکہ قومی فریضہ ہے، ڈی سی سبی

سبی (یو این اے) ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی نے والدین، علما کرام، قبائلی عمائدین، اساتذہ کرام اور معاشرے کے تمام باشعور افراد سے اپیل کی ہے کہ 2 نومبر سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور پولیو ٹیموں کے ساتھ مکمل تعاون یقینی بنائیں تاکہ ضلع بھر کے پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلائے جا سکیں انہوں نے کہا کہ پولیو ایک خطرناک اور موذی مرض ہے جو بچوں کو عمر بھر کی معذوری میں مبتلا کر سکتا ہے، تاہم اس خطرناک بیماری سے بچاؤ پولیو ویکسین کے دو قطرے پلانے سے ممکن ہے

AWARD CEREMONY

ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

پاکستان ہیپاٹائٹس سی کے مریضوں کی تعداد 90 لاکھ تک پہنچ گئی

2024 کے دوران پاکستان میں ہیپاٹائٹس سی کے 88 ہزار سے زائد نئے کیسز سامنے آئے، رپورٹ میں انکشاف

اسلام آباد (اے این این) وزارت قومی صحت نے ہیپاٹائٹس سے متعلق رپورٹ قومی اسمبلی میں پیش کر دی، جس کے مطابق پاکستان ہیپاٹائٹس سی کے مریضوں کی تعداد کے لحاظ سے دنیا میں سرفہرست ہے۔ عالمی ادارہ صحت کے مطابق پاکستان میں ہیپاٹائٹس سی کے مریضوں کی تعداد 90 لاکھ تک پہنچ چکی ہے، جبکہ 38 لاکھ 60 ہزار سے زائد افراد ہیپاٹائٹس بی کا شکار ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ملک میں ایک کروڑ 29 لاکھ افراد ہیپاٹائٹس بی یا سی میں مبتلا ہیں

ملک میں پولیو وائرس کا خطرہ تاحال موجود ہے، مصطفیٰ کمال

ہر بچے کو پولیو سے بچا کے قطرے پلانے کو یقینی بنایا جائے گا، وفاقی وزیرِ صحت

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ پولیو کا مکمل خاتمہ حکومت کی قومی ترجیح ہے اور ہر بچے کو پولیو سے بچا کے قطرے پلانے کو یقینی بنایا جائے گا۔ پاکستان میں پولیو وائرس کا خطرہ تاحال موجود ہے، اس لیے اس موذی مرض کے مکمل خاتمے تک قومی کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔ ان خیالات کا اظہار وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے ملک کے 97 منتخب اضلاع میں سال 2026 کی تیسری ذیلی قومی انسدادِ پولیو مہم کے افتتاح کے موقع پر کیا۔

امتِ مسلمہ کو فرقہ واریت سے بچانے کیلئے علما مشترکہ لائحہ عمل بنائیں، حافظ نعیم

صیہونیت مسلمانوں کو ایک دوسرے کے خلاف کھڑا کرنا چاہتی ہے، ہمیں دشمن کی اس سازش کو ناکام بنانا ہوگا

فلسطین وکشمیر کے تنازعات پر قرآن وسنت کی روشنی میں واضح پالیسی کی ضرورت ہے، امیر جماعت اسلامی کا استنبول میں بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب

استنبول (اے این این) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ امت کو انتہاپسندی، تکفیر اور فرقہ واریت سے بچانے کیلئے علما مشترکہ لائحہ عمل مرتب کریں، فلسطین وکشمیر کے تنازعات پر قرآن وسنت کی روشنی میں واضح پالیسی کی ضرورت ہے۔ استنبول میں اتحاد العالمی للعلما المسلمین کے زیر اہتمام دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ فلسطین وکشمیر کے تنازعات پر قرآن وسنت کی روشنی میں واضح پالیسی کی ضرورت ہے، مسلم اقلیتوں کے لیے عالمی پلیٹ فارم قائم کیا جائے، تاہم اسلامی ممالک کے

(بقیہ 48 اندرونی صفحہ 3 پر)

وزیراعظم شہباز شریف کے دورہ روس کیلئے تیاریوں کا آغاز

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم شہباز شریف دسمبر میں بڑے تجارتی وفد کے ہمراہ روس کا دورہ کریں گے، جس کے لیے تیاریوں کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم کے دورہ روس کی تیاری پر اجلاس ہوا، جس کی صدارت وزیراعظم شہباز شریف نے کی۔ ذرائع نے بتایا کہ وزیراعظم شہباز شریف دسمبر کے پہلے ہفتے میں روس کا سرکاری دورہ کریں گے اور ان کے ہمراہ بڑا تجارتی وفد بھی ماسکو جائے گا۔ وزیراعظم ماسکو میں مشترکہ بزنس

(بقیہ 32 اندرونی صفحہ 3 پر)

لکی مروت اور باجوڑ میں دو پولیس اہلکار شہید، جوابی کارروائی میں دو حملہ آور ہلاک

لکی مروت / باجوڑ (اے این این) لکی مروت اور باجوڑ میں دہشت گردی کے واقعات میں دو پولیس اہلکار شہید جوابی کارروائی میں دو حملہ آور ہلاک ہو گیا۔ لکی مروت اور باجوڑ میں فائرنگ کے دو الگ الگ واقعات کے دوران دو پولیس اہلکاروں نے جام شہادت نوش کر لیا، جبکہ لکی مروت میں پولیس کی بروقت جوابی کارروائی کے نتیجے میں دو مسلح حملہ آور بھی ہلاک ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق ضلع باجوڑ

(بقیہ 35 اندرونی صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان کوہلو کے انتظامی وسیاسی امور میں مداخلت بند کریں، ن لیگ کا شدید ردِعمل

کوہلو (یو این اے) ترجمان پاکستان مسلم لیگ (ن) ضلع کوہلو نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ چند روز قبل رکن صوبائی اسمبلی کوہلو نواب جنگیز خان مری نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ضلع کوہلو کے سیاسی، انتظامی اور ترقیاتی معاملات میں مسلسل مداخلت پر اپنے تحفظات کا اظہار کیا تھا، جس کے بعد گزشتہ روز نصیب اللہ مری کی جانب سے پریس کانفرنس کرنا اور بے بنیاد الزامات عائد کرنا

(بقیہ 41 اندرونی صفحہ 3 پر)

انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آج آخری تاریخ، تمام ٹیکس دفاتر رات 8 بجے تک کھلے رہیں گے

اسلام آباد (اے این این) انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آج 31 اکتوبر (ہفتہ) آخری تاریخ ہے۔ اس سلسلے میں ایف بی آر کے تمام بڑے ٹیکس دفاتر میں کام کے اوقات بڑھا دیئے گئے۔ جاری اعلامیے کے مطابق ایف بی آر کے تمام بڑے ٹیکس دفاتر آج ہفتہ 31 اکتوبر کو رات 8 بجے تک کھلے رہیں گے، بڑے ٹیکس دہندگان کے دفاتر، کارپوریٹ ٹیکس دفاتر، علاقائی ٹیکس دفاتر میں کام کے اوقات بڑھا

سکردو میں غیرت کے نام پر میاں بیوی 2 بچوں سمیت قتل

سکردو (یو این اے) سکردو شہر کے علاقے مدینہ کالونی کے عقب میں دل دہلا دینے والا واقعہ پیش آیا ہے، جہاں میاں بیوی اور ان کے دو کمسن بچوں کو قتل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق مقتولین میں 35 سالہ اسلم، ان کی 30 سالہ اہلیہ ہانیہ اور پانچ سالہ اور ڈھائی سالہ دو بچے شامل ہیں۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق مقتول میاں بیوی نے تقریباً سات سال قبل کورٹ میرج کی تھی،

جماعت اسلامی نے نہرِ خیام پر جاری متنازع تعمیرات کو سندھ ہائیکورٹ میں چیلنج کردیا

کراچی (اے این این) جماعت اسلامی نے کلفٹن میں نہر خیام پر جاری متنازع تعمیرات کو سندھ ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا۔ درخواست بلدیہ عظمیٰ کراچی میں اپوزیشن لیڈر سیف الدین ایڈووکیٹ و دیگر کی جانب سے دائر کی گئی ہے، درخواست میں محکمہ لوکل گورنمنٹ، کے ایم سی، سیپا اور دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ آئینی درخواست میں کہا گیا ہے کہ نہر خیام پر کمرشل سرگرمیاں شروع کی جارہی ہیں جس کے باعث بارشوں کے دوران رہائشی علاقوں میں اربن فلڈنگ کا خطرہ پیدا ہو گیا ہے، نالے کا راستہ تنگ ہونے سے بارش کا پانی رہائشی علاقوں میں گھسنے کا خطرہ ہے۔ درخواست میں کہا گیا کہ نہر خیام کے اصل بہا، چوڑائی اور حدود میں مداخلت ہو رہی ہے،

سیوی ڈویژن میں انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز

تین اضلاع میں ایک لاکھ 42 ہزار بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر

سیوی (خ ن) کمشنر سیوی ڈویژن عرفان اللہ خان نے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر ڈویژن بھر میں انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی نے بھی بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے اور مہم کے آغاز میں حصہ لیا۔ اس موقع پر کمشنر عرفان اللہ خان نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سیوی ڈویژن کے تینوں اضلاع سیوی، کچھی اور ساؤتھ ڈیرہ بگٹی میں انسدادِ پولیو مہم کے دوران مجموعی طور پر تقریباً ایک لاکھ 42

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 3 پر)

اوستہ محمد میں مہنگائی کے خلاف انتظامیہ متحرک، بازاروں کا معائنہ

سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت، زائد قیمتیں وصول کرنے والوں کے خلاف کارروائی کا اعلان

اُستا محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر اُستا محمد محمد رمضان پلال کی خصوصی ہدایت کے تحت تحصیلدار اُستا محمد گامن خان بوہڑ نے مقامی بازار کا دورہ کیا اور مختلف دکانوں پر اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں ان کے معیار اور دستیابی کا تفصیلی جائزہ لیا دورے کے دوران انہوں نے سبزیوں، پھلوں، گوشت، آٹا، چینی، دالوں، گھی، خوردنی تیل اور روزمرہ استعمال کی دیگر ضروری اشیاء

(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 3 پر)

اورماڑہ میں صحت اور تعلیم کے اداروں کی کارکردگی کا جائزہ

اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر ماہ نور برکت کا ہڈ میں بنیادی مرکز صحت اور اسکول کا دورہ

اورماڑہ (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر اورماڑہ ڈاکٹر ماہ نور برکت نے گاؤں ہڈ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے بنیادی مرکز صحت اور گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول ہڈ کا معائنہ کیا جہاں پر انہوں نے دونوں اداروں میں عملے کی حاضری، دستیاب بنیادی سہولیات، طبی خدمات کی فراہمی، تدریسی سرگرمیوں اور مجموعی انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ عملے کی حاضری اور اداروں کی فعالیت کا جائزہ لیتے ہوئے عوام کو معیاری طبی سہولیات اور طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول کی فراہمی کی اہمیت پر زور دیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ دور دراز علاقوں میں صحت اور تعلیم

(بقیہ 36 اندرونی صفحہ 3 پر)

گوادر میں محکمہ زراعت کی بھرتیاں، مقامی امیدواروں میں تقرری آرڈرز تقسیم

ضلعی کوٹے، میرٹ اور خواتین کوٹے کے تحت اہل امیدواروں کو سرکاری ملازمتیں فراہم

گوادر (خ ن) محکمہ زراعت حکومت بلوچستان میں بھرتیوں کے سلسلے میں ضلعی کوٹے کی بنیاد پر ضلع گوادر کے اہل امیدواروں میں تقرری کے آرڈرز تقسیم کر دیے گئے۔ اس سلسلے میں رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے امیدواروں میں باقاعدہ تقرری کے آرڈرز تقسیم کیے اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع مقبول احمد بلوچ ایگریکلچر افسر حاجی آمین اللہ پسنی کوکونٹ فارم کے انچارج وسیم نور اور محکمہ زراعت کے دیگر متعلقہ حکام بھی ان کے ہمراہ تھے تقرریوں کا عمل ضلعی کوٹے کے تحت متعلقہ قواعد وضوابط کی روشنی میں عمل میں لایا گیا، جس کا مقصد ضلع گوادر کے اہل امیدواروں کو سرکاری ملازمتوں میں نمائندگی اور روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ اس عمل میں میرٹ، علاقائی کوٹے اور مقررہ خواتین کوٹے کو مدنظر رکھا گیا ھے اس پیش

(بقیہ 38 اندرونی صفحہ 3 پر)

سنجاوی انٹر کالج کے طلباء کے لیے صوبائی وزیر کی کوششوں سے بس منظور

طلباء کو محفوظ سفری سہولت فراہم کرنا حکومت کی ترجیح ہے، صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ

سنجاوی (خ ن) صوبائی وزیر کمیونٹی ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ کی خصوصی کاوشوں اور حکومت بلوچستان کے تعاون سے گورنمنٹ انٹر کالج سنجاوی کے طلباء کی سفری سہولت کیلئے بس منظور کر لی گئی۔ اس سلسلے میں ایک تقریب کے دوران صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ نے بس کی چابی گورنمنٹ انٹر کالج سنجاوی کے پرنسپل محمد طیب کے حوالے کر دی اس موقع پر ڈائریکٹر کالجز محمد حسین بلوچ، پرنسپل گورنمنٹ انٹر کالج سنجاوی محمد طیب، ڈپٹی ڈائریکٹر پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ سردار محمد صادق اور محمد عرفان دمڑ بھی موجود تھے اس موقع پر صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی اور خوشحالی کی بنیاد ہے، ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے کہ دور دراز علاقوں کے طلباء کو تعلیم کے حصول میں درپیش مشکلات کا خاتمہ کیا جائے اور انہیں بہتر تعلیمی سہولیات فراہم کی جائیں انہوں نے

(بقیہ 44 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کو پروفیسر ڈاکٹر عائشہ صدیقہ یادگاری شیلڈ پیش کر رہی ہیں

سینیٹ میں سرحدی تجارت کی بحالی اور 30 ہزار وفاقی ملازمتوں کا اعلان خوش آئند ہے، جان محمد بلیدی

وفاقی ملازمتوں اور بارڈر بزنس کو وزرا کی کرپشن اور ٹوکن مافیا کے اثر و رسوخ سے محفوظ رکھا جائے، نیشنل پارٹی رہنما کا اظہارِ خیال

کوئٹہ، اسلام آباد (یو این اے) نیشنل پارٹی کے پالیمانی رہنما سینیٹر جان محمد بلیدی نے سینٹ میں توجہ دلاؤ نوٹس پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے بلوچستان میں سرحدی تجارت کو بحال کرنے کا فیصلہ انتہائی قابل تحسین ہے انہوں نے کہا کہ شہید لفٹیننٹ جنرل سرفراز احمد نے آئی جی ایف سی کی حیثیت سے مکران میں بے روزگاری ختم کرنے اور غریب و نادار افراد کو کاروبار فراہم کرنے کے لیے بارڈر کو ریگولرائز کرنے کے حوالے سے جو اقدامات اٹھائے اس سے مکران اور بلوچستان بھر میں کاروبار کے دروازے کھل گئے لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑھتا ہے کے بعد میں بلوچستان کی صوبائی حکومت اور وزرا کی مداخلت سے اس کاروبار پر مافیا کا قبضہ ہو گیا اور عام لوگوں کو نکال باہر کر دیا گیا۔

آزاد کشمیر، باغ میں گھر میں دھماکے سے 3 خواتین سمیت 4 افراد جاں بحق، بچی زخمی

وزیراعظم آزاد کشمیر کا حادثے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

مظفر آباد (اے این این) آزاد کشمیر کے ضلع باغ کے جنوبی علاقہ پنڈی کے ایک گھر میں دھماکے سے 3 خواتین سمیت 4 افراد جاں بحق اور ایک لڑکی شدید زخمی ہوگئیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق جنوبی باغ کے گاؤں پنڈی میں شکدر نامی شخص کے گھر میں ہونے والے دھماکے میں اس کی 80 سال کی والدہ، 40 سال کی بیوی شازیہ، 11 سال کا بیٹا حارث اور 8 سال کی ملائیکہ موقع پر جاں بحق ہوگئی جبکہ 15 سال کی انیقہ شدید زخمی ہوگئی۔ پولیس کے مطابق رہائشی میں دھماکے کی نوعیت سے متعلق تحقیقات جاری ہیں۔ علاقہ مکینوں کے مطابق دھماکہ خیز مواد باہر سے گھر کے اندر پھینکا گیا۔ پولیس ترجمان نے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی ان

(بقیہ 49 اندرونی صفحہ 3 پر)

4 سال سے پولیو کا کوئی نیا کیس رپورٹ نہ ہونا حکومت اور ورکرز کی انتھک محنت کا ثمر ہے، سلیم کھوسو

پولیو کے پائیدار اور مکمل انسداد کے لیے تمام تر وسائل بلا دریغ فراہم کیے جائیں گے، پی پی ایچ آئی تقریب سے صوبائی وزیر کا خطاب

صحبت پور (یو این اے) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات اور مسلم لیگ (ن) کے صوبائی پارلیمانی لیڈر سلیم احمد کھوسو نے کہا ہے کہ صحبت پور سمیت پورے صوبے میں پولیو وائرس کا ایک بھی کیس سامنے نہ آنا صوبائی و وفاقی حکومت کی موثر پالیسیوں اور محکمہ صحت کے ورکرز کی بے مثال محنت کا نتیجہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع کونسل ہال صحبت پور میں پی پی ایچ آئی (PPHI) کے زیر اہتمام منعقدہ پولیو سینڈ پروگرام کی تقریب سے بطورِ خاص خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں ضلعی ناظم صحت ڈاکٹر غلام مرتضیٰ کھوسو، پولیو کے نمائندے ڈاکٹر محمد یاسین داجلی، ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد عارف داجلی اور دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا، افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

حوثیوں کا مکہ کی جانب داغا گیا ڈرون فضا میں تباہ کردیا، اتحادی فوج

یمنی فوج کا 24 گھنٹوں میں 982 کارروائیوں میں 324 حوثی جنگجوں کو ہلاک کرنے کا دعوی

ریاض، صنعا (اے این این) سعودی اتحادی فوج کے ترجمان نے کہا ہے کہ حوثیوں کا مکہ کی جانب داغا گیا ڈرون فضا میں تباہ کر دیا گیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سعودی اتحادی فوج نے دعوی کیا ہے کہ حوثی باغیوں کی جانب سے مکہ مکرمہ کی سمت بھیجا گیا ایک ڈرون فضائی کارروائی کے دوران تباہ کر دیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق سعودی اتحادی فوج کے ترجمان نے بتایا کہ ڈرون کا رخ مکہ مکرمہ کی جانب تھا اور اسے ہدف تک پہنچنے سے پہلے ہی فضا میں تباہ کر دیا گیا۔

کوئٹہ، صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ گورنمنٹ انٹر کالج سنجاوی کے پرنسپل محمد طیب کو طلباء کیلئے منظور شدہ بس کی چابی حوالے کر رہے ہیں

عوامی مسائل حل کرنا مسلم لیگ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، میر سلیم کھوسہ

بھارت اپنے مذموم مقاصد استعمال کرکے حالات خراب کرنے کے لیے سازشوں میں مصروف ہے سازشیں نہ پہلے کامیاب ہوئے اور نہ آئندہ کامیاب ہوں گے، وزیر مواصلات

بلوچستان کے عوام کے مسائل حل کرنا موجودہ حکومت کی جدوجہد کا نتیجہ ہے آنے والے وقت میں بلوچستان ایک خوشحال اور پرامن صوبہ بن کر مثالی بنایا جائے گا، وفود سے بات چیت

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ عوامی مسائل حل کرنا مسلم لیگ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے بلوچستان کے عوام کے مسائل حل کرنا موجودہ حکومت کی جدوجہد کا نتیجہ ہے آنے والے وقت میں بلوچستان ایک خوشحال اور پرامن صوبہ بن کر مثالی بنایا جائے گا بلوچستان میں مخلوط حکومت قائم ہے جو کامیابی کے ساتھ تمام ترقیاتی کام ہو یا دیگر مسائل ملکر حل کرنے کی کوشش کرتے ہیں، یہ بات انہوں نے اپنے علاقے میں عوام کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ عوام طاقت کا سرچشمہ ہے عوام کے بغیر منتخب نمائندے کچھ نہیں ہے یہی وجہ ہے کہ ہم نے ہمیشہ عوام کو ساتھ لیکر چلنے کی پالیسی اختیار کی ہے

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 3 پر)

گوادر کے ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر کے معاملات حل کرنے پر اتفاق

ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن کی ڈی جی جی ڈی اے سے ملاقات، شہری مسائل پر تبادلہ خیال

گوادر (خ ن) ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن نے ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمن خان سے ان کے دفتر میں ملاقات کی، جس میں گوادر کے مختلف ترقیاتی منصوبوں، شہری مسائل اور عوامی سہولیات سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد، چیئرمین تحصیل میونسپل کمیٹی ماجد جوہر اور دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ ملاقات میں جی ڈی اے کے اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے کے تحت شاہی بازار اور جنت بازار میں جاری تعمیر، توسیع، تزئین و آرائش اور بحالی کے کاموں سمیت پی ٹی سی ایل والی گلی میں کام کی رفتار کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد نے بتایا کہ جنت بازار اور شاہی بازار میں تاخیر کی بنیادی وجہ متعلقہ یوٹیلیٹیز کی منتقلی ہے، بالخصوص کیسکو کی جانب سے بجلی کے کھمبوں، تاروں اور ٹرانسفارمرز کی متبادل مقامات پر منتقلی میں تاخیر کے باعث تعمیراتی کام متاثر ہو رہا ہے۔ تاہم اس سلسلے میں اقدامات جاری ہیں۔ اتفاق کیا گیا کہ یوٹیلیٹیز کی منتقلی کے ساتھ ہی ٹف ٹائلنگ سمیت دیگر گراؤنڈ ورک شروع کیا جائے گا تاکہ منصوبے کو جلد مکمل کیا جا سکے۔ اسی طرح سید ہاشمی روڈ تا دیمی زرروڈ، براستہ پی ٹی سی ایل، سڑک کی تعمیر میں تاخیر کا معاملہ بھی اٹھایا گیا۔ بتایا گیا کہ

(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 3 پر)

مولانا فضل الرحمٰن ہمارے لیے باپ کی جگہ ہیں، کیپٹن (ر) صفدر

چنیوٹ (اے این این) پنجاب کے ضلع چنیوٹ میں چناب نگر میں ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیپٹن (ر) صفدر نے کہا ہے کہ 1973 کا آئین مقدس آئین ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ نے پارلیمنٹ میں دفاع ختم نبوت اور آئین کے تحفظ کے لیے مولانا فضل الرحمٰن کے علاوہ کس کو بھیجا ہے؟ پچھلے دنوں ایک عورت نے حضرت مولانا پر کوئی بات کردی، میں ایبٹ آباد میں تھا، میں نے کہا مولانا ہمارے لیے باپ کی جگہ ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ جب ہم کہتے ہیں کہ نیت کی اس نماز کی، حاضر پیچھے امام کے، تو امام باپ ہوتا ہے، میں نے کہا ہم

(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 3 پر)

امریکی ریاست الاسکا میں سینیٹ انتخابات، سیاسی تنازع شدت اختیار کرگیا

واشنگٹن (اے این این) امریکی ریاست الاسکا میں سینیٹ کے انتخابات کے دوران ڈیموکریٹس پر حریف امیدواروں کے ووٹ تقسیم کرنے کے لئے امیدوار میدان میں اتارنے کے الزامات سامنے آنے کے بعد سیاسی تنازع شدت اختیار کرگیا، جس سے امریکی سینیٹ کا کنٹرول طے ہونے میں کئی ہفتوں کی تاخیر کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ غیرملکی میڈیا

(بقیہ 37 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نیشنل پولیس اکیڈمی کے کمانڈنٹ آئی جی پی سعد اختر وان کو سوینئر پیش کر رہے ہیں

اصغر خان اچکزئی کی حراست پر شدید تشویش، 6 نومبر کو آل پارٹیز کانفرنس کا اعلان

اصغر خان کو جعلی مقدمے میں قید رکھا گیا ہے، عدم تشدد کی پالیسی پر عمل پیرا رہتے ہوئے جدوجہد جاری رکھیں گے، جمال الدین رشتیا

کوئٹہ (یو این اے) عوامی نیشنل پارٹی (اے این پی) کے مرکزی و صوبائی قائدین نے ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اے این پی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کو گزشتہ دو ہفتوں سے من گھڑت اور جعلی مقدمے میں حراست میں رکھنے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے عوامی نیشنل پارٹی کے رہنما جمال الدین رشتیا و دیگر قائدین نے کہا کہ اصغر خان اچکزئی کی حراست پر تمام سیاسی جماعتوں، وکلا اور سول سوسائٹی کے اظہارِ تشویش پر وہ ان کے مشکور ہیں۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ جس مقدمے کی بنیاد پر اصغر خان کو قید میں رکھا گیا ہے، اس کا مدعی خود اصغر خان اور اس کیس میں ان کی کسی قسم کی شمولیت سے

(بقیہ 40 اندرونی صفحہ 3 پر)

بھارت: اتراکھنڈ میں ہیلی کاپٹر گر کرتباہ، 6 افراد کی ہلاکت کا خدشہ

نئی دہلی (اے این این) بھارت کی ریاست اتراکھنڈ کے پہاڑی علاقوں میں ہیلی کاپٹر گر تباہ ہو گیا اور 6 افراد لاپتا ہو گئے ہیں، جن کے ہلاک ہونے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق ہیلی کاپٹر بدری ناتھ میں پہاڑی میں واقع ہندوؤں کے معروف مذہبی مقام سے دیہرادون کی طرف پرواز کر رہا تھا، جس میں

(بقیہ 39 اندرونی صفحہ 3 پر)

پارلیمنٹ میں قائدِ جمعیت کے خلاف غیر پارلیمانی زبان کے استعمال پر جے یو آئی کی شدید مذمت

حکومتی وزرا اپنی نااہلی چھپانے کے لیے الزام تراشیوں اور نمائشی بیانات کا سہارا لے رہے ہیں، شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد اور دیگر رہنماؤں نے سینیٹ اور قومی اسمبلی میں حکومتی وزرا اور درباری ٹولہ کی جانب سے قائد جمعیت کے خلاف بازاری زبان کے استعمال اور بے بنیاد الزام تراشیوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ حکومتی وزرا نے قائد جمعیت کے خلاف بازاری زبان استعمال کرکے اپنی سیاسی تربیت کا عملی مظاہرہ کیا۔ جو نااہل وزرا حکومتی امور چلانے اور عوامی مسائل حل کرنے کی صلاحیت سے محروم ہیں وہ اپنی ناکامیوں اور نااہلی پر پردہ ڈالنے کے لیے غیر سنجیدہ بیانات سیاسی بڑھکوں اور الزام تراشیوں کا

(بقیہ 46 اندرونی صفحہ 3 پر)

لاہور ہائیکورٹ نے براہ راست اپیلٹ ٹریبونل سے رجوع کرنے کا حق تسلیم کرلیا

لاہور (یو این اے) لاہور ہائیکورٹ نے ٹیکس دہندگان کے حق میں اہم فیصلہ دیتے ہوئے قرار دیا ہے کہ سیلز ٹیکس کے معاملات میں رجسٹرڈ ٹیکس دہندگان کمشنر ان لینڈ ریونیو (اپیلز) سے رجوع کیے بغیر براہ راست اپیلٹ ٹربیونل ان لینڈ ریونیو میں اپیل دائر کر سکتے ہیں۔ لاہور ہائیکورٹ کے دو رکنی بینچ نے

(بقیہ 45 اندرونی صفحہ 3 پر)

ایران امریکہ معاہدے کے قریب ہیں، ٹام باراک

قطر، پاکستان اور امریکہ کے دیگر اتحادیوں نے تہران اور واشنگٹن کے درمیان سیاسی عمل پر اتفاق رائے پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے

آئندہ دو ہفتوں کے دوران کشیدگی کم کرنے اور فوجی جھڑپوں کو روکنے کے لیے اہم اقدامات کیے جائیں گے، ترکیہ میں امریکی سفیر کا انٹرویو

دوحہ (اے این این) ترکیہ میں امریکہ کے سفیر اور ڈونلڈ ٹرمپ کے شام اور عراق کے لئے خصوصی نمائندے ٹام باراک نے کہا ہے کہ واشنگٹن اور تہران فوجی کشیدگی میں کمی سے متعلق ایک معاہدے تک پہنچنے کے بہت قریب ہیں۔ باراک نے دوحہ میں سی این این سے گفتگو کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ آئندہ دو ہفتوں کے دوران کشیدگی کم کرنے اور فوجی جھڑپوں کو روکنے کے لئے اہم اقدامات کیے جائیں گے۔ انھوں نے کہا، ہم بہت قریب پہنچ چکے ہیں، اتنے قریب کہ یہ کہہ سکیں کہ آئیے ایک وقفہ لیں اور کشیدگی کی شدت کم کریں۔ باراک نے قطر، پاکستان اور امریکہ کے دیگر اتحادیوں کی سفارتی کوششوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ان ممالک نے تہران اور واشنگٹن کے درمیان سیاسی عمل پر اتفاق

(بقیہ 47 اندرونی صفحہ 3 پر)

فتنہ الہندوستان کے سہولت کاروں کا دہشت گرد عناصر سے لاتعلقی کا اعلان، ریاست سے وفاداری کا عہد

اپنے ملک پاکستان سے غداری اور دہشت گردوں کا ساتھ دینے پر بہت شرمندہ ہیں، پریس کانفرنس

کوئٹہ (اے این این) فتنہ الہندوستان کو چھوڑ کر قومی دھارے میں شامل ہونے والے محمد سہیل بہرام اور محمد عرف مہروان نے اعتراف جرم کرتے ہوئے ریاست سے وفاداری کا عہد کرلیا۔ تربت کے رہائشی محمد سہیل اور محمد عرف مہروان نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے اعتراف کیا کہ سوشل میڈیا کے ذریعے فتنہ الہندوستان (کالعدم بی ایل اے) کے دہشت گرد ثابت عرف کمانڈان سے رابطہ ہوا اور سیکیورٹی فورسز پر حملوں کے لیے دہشت گرد تنظیم کی سہولت کاری کرتے رہے۔ سہولت کاروں نے کہا کہ ہم اپنے ملک پاکستان سے غداری کرنے اور دہشت گردوں کا ساتھ دینے پر بہت شرمندہ ہیں، ہم آئندہ کسی دہشت گرد تنظیم سے رابطہ نہیں رکھیں گے اور نوجوان نسل بھی ان تنظیموں سے دور رہے۔

پرائیوٹ حج سکیم کے تحت اکانومی پیکج 14 لاکھ سے ساڑھے 17 لاکھ روپے مقرر

اسلام آباد (اے این این) وزارت مذہبی امور نے پرائیوٹ حج پیکجز کی تفصیلات قومی اسمبلی میں پیش کر دی۔ وزارت مذہبی امور نے پرائیوٹ حج سکیم کے تحت مجموعی طور پر 16 پیکجز متعارف کروائے، جن میں پرائیوٹ حج سکیم کے تحت اکانومی پیکج 14 لاکھ سے ساڑھے 17 لاکھ روپے مقرر کیا گیا ہے۔ وزارت مذہبی امور کے مطا 0 ہزار روپے مقرر کیا گیا،

مولانا صاحب ہوش کے ناخن لیں، جوکڑی ملا رہے ہیں وہ ٹھیک نہیں، ثمر بلور

جھنجلاہٹ اس لئے ہے مولانا کے ساتھ ملاقات اور مشورے کوئی نہیں لے رہا، ممبر ایڈوائزری کونسل پختونخوا

پشاور (جی این ایم) خیبر پختونخوا ایڈوائزری کونسل کی ممبر مشیر اطلاعات ثمر بلور نے کہا ہے کہ مولانا صاحب کی ہم عزت کرتے ہیں لیکن جوکڑی ملا رہے ہیں وہ ٹھیک نہیں، مولانا صاحب ہوش کے ناخن لیں۔ پشاور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے ثمر بلور نے کہا کہ مولانا میں جو غصہ پایا جا رہا ہے وہ انتہائی عجیب ہے، مولانا کا غصہ ان کا پی ڈی ایم کے دور میں کرپشن میں ملوث لوگوں کا ہے، جھنجلاہٹ اس لئے ہے کہ مولانا کے ساتھ ملاقات اور مشورے کوئی نہیں لے رہا۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان اور جے یو آئی کی طرف سے عجیب عجیب باتیں ہو رہی ہیں ساتھ آگے آئیں۔

ڈالر کے مقابلے میں پاکستانی روپے کی قدر میں کمی، حکومت کو اربوں روپے کا ٹیکہ لگا گیا

اسلام آباد (اے این این) ڈالر کے مقابلے میں پاکستانی روپے کی قدر میں کمی ہوئی جب کہ روپے کی بے قدری حکومت کو اربوں روپے کا ٹیکہ لگا گئی۔ وزارت آبی وسائل نے تفصیلات قومی اسمبلی میں پیش کر دیں، دیامیر بھاشا ڈیم کے پی سی ون کی لاگت میں 642 ارب کا اضافہ ہوا۔ دیامر بھاشا ڈیم پی سی ون 479 ارب سے 1121 ارب تک جا پہنچا، غیر ملکی کرنسی کے تبادلے کی شرح میں تبدیلی سے پی سی ون کی رقم بڑھ گئی، نیا پی سی ون وزارت آبی وسائل میں جمع کروایا گیا ہے۔ داسو ہائیڈرو پاور کی پروجیکٹ کاسٹ 486 ارب سے بڑھ کر ایک ہزار 740 ارب تک جا پہنچی،

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی انسداد پولیو مہم کے افتتاح کے موقع پر فنگر مارکنگ کر رہے ہیں

ڈی جی آئی ایس پی آر کا دورہ پشاور، طلبہ کیساتھ خصوصی نشست

خصوصی سیشن میں ڈی جی آئی ایس پی آر نے طلبہ کے سوالات کے مفصل اور مدلل جوابات دیئے

پشاور (اے این این) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے پشاور کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے یونیورسٹی طلبہ اور فیکلٹی ممبران کیساتھ خصوصی نشست کی۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کی آمد پر مختلف جامعات کے طلبہ کی جانب سے ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا، اس موقع پر شریک طلبہ کی جانب سے ڈی جی آئی ایس پی آر کو روایتی پختون پگڑی اور چادر بھی پہنائی گئی۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے طلبہ کے ساتھ ملکی سیکیورٹی صورتحال اور علاقائی چیلنجز پر تفصیلی گفتگو کی، جبکہ خصوصی سیشن میں ڈی جی آئی ایس پی آر نے طلبہ کے سوالات کے مفصل اور مدلل جوابات دیئے۔ طلبہ نے پاک فوج کے شانہ بشانہ رہنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں دہشتگردی کے خاتمے اور سیکیورٹی کے حوالے سے پاک فوج کلیدی کردار ادا کر رہی ہے، اس نشست میں ہمیں سوشل میڈیا کے ذمہ دارانہ استعمال اور پراپیگنڈا وارفیئر کے اصل حقائق سے آگاہ کیا گیا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے پشاور کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے یونیورسٹی طلبہ اور فیکلٹی ممبران کیساتھ خصوصی نشست کی۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کی آمد پر مختلف جامعات کے طلبہ کی جانب سے ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا، اس موقع پر شریک طلبہ کی جانب سے ڈی جی آئی ایس پی آر کو روایتی پختون پگڑی اور چادر بھی پہنائی گئی۔ صورتحال اور علاقائی چیلنجز پر تفصیلی گفتگو کی،

امریکا ایران معاہدے کی کوششیں تیز، قطری ثالث مذاکرات کے لئے دوبارہ تہران پہنچ گئے

تہران (اے این این) امریکا اور ایران کے درمیان ممکنہ معاہدے کی کوششوں کے سلسلے میں قطر کے ثالث جمعے کو دوبارہ ایرانی دارالحکومت تہران پہنچ گئے۔ قطری ثالثی کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان جاری کشیدگی کم کرنے اور کسی سمجھوتے تک پہنچنے کے لئے سفارتی رابطوں کو آگے بڑھانا ہے۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق مذاکرات سے باخبر ایک عہدیدار نے بتایا کہ قطری ثالث تہران میں امریکا اور ایران کے درمیان معاہدے کی کوششوں کے سلسلے میں بات چیت کریں گے۔ عہدیدار کے مطابق ثالثی کے یہ مذاکرات امریکا کے ساتھ رابطے اور ہم آہنگی کے تحت آگے بڑھائے جا رہے ہیں، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ قطر دونوں فریقوں کے درمیان سفارتی رابطے برقرار رکھنے کی کوشش کر رہا ہے۔

اخبار میں شائع ہونے والے مضامین کالم نگار کا اپنا نقطہ نظر ہوتا ہے ادارے کا اس سے متفق ہونا ضروری نہیں (ادارہ)